قصیدہ بُردہ عظیم الشان قصیدہ ہے جو بارگاہ نبوی صاحبھا الصلوۃ والسلام سے سندِ قبولیت پا کر چاردانگ عالم میں مشہور ہے اس کے مصنف علامہ شرف الدین محمد بُوصیری رحمۃ اللہ القوی ہیں۔ قیصدہ بُردہ لکھنے کا سبب یہ ہوا کہ ایک روز اچانک آپ پر فالج کا حملہ ہوا حتیٰ کہ نصف حصہ بے حس ہو گیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ میرے ضمیر نے مجھے مشورہ دیا کہ ایک قصیدہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف میں لکھوں اور اس کے وسیلے سے اپنے لیے شفا طلب کروں لہٰذا میں نے اس قصیدہ مبارکہ کو لکھا تو خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا۔ میں نے آپ کو قصیدہ پڑھ کر سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر مجھے چادر عطا فرمائے اور میرے اعضاء پر اپنے نور بھرے ہاتھوں کو پھیرا۔ جب آنکھ کھلی تو میں نے اپنے آپ کو بالکل صحت یاب پایا۔ اس قصیدے سے افادہ واستفادہ اکثر علماء و بزرگان دین کا معمول رہا ہے اس کے فوائد ان گنت اور مُسلّم ہیں جیسا کہ اکثر شارحین نے ذکر فرمایا کہ حضرت سعد فاروقی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی آنکھوں میں سخت آشوب چشم ہو گیا، قریب تھا کہ نابینا ہو جاتے دریں اثناء ان کی سوئی ہوئی قسمت انگڑائی لے کر جاگ اٹھی اور خواب میں حضور سید عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لب ہائے مبارکہ کو جنبش ہوئی۔ رحمت کے پھول جھڑنے لگے اور الفاظ کچھ یوں ترتیب پائے کہ فلاں شخص کے پاس جاؤ اس کے پاس قصیدہ بُردہ رکھا ہے اسے لے کر آنکھوں سے لگاؤ' آپ رحمتہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے پاس گئے اور قصیدہ بردہ شریف کو لے کر آنکھوں سے لگایا اور پڑھا الحمدللہ اُن کا مرض بھی جاتا رہا اور آنکھیں پہلے سے بھی زیادہ روشن ہو گئیں (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ ع'5)۔

اس مضمون میں قصیدہ بردہ پڑھنے کے فضائل اور بالخصوص اس سے روحانی علاج کو بیان کیا گیا ہے۔

(1) ضعف قلب و دمہ کے مرض کا علاج

لو لا الھوی لم ترق دنعا علی طلل

ولا ارقت لذکر لبان والعلم

اگر کسی کو ضعف قلب (دل کی کمزوری) ہو یا دل بے انتہاء پریشان ہو یا دمہ کا مرض ہو تو اس شعر کے حروف سیب پر لکھ کر کھلائیں تو انشاء اللہ چند ہی دنوں میں کلی صحت ہوگی۔ سیب پر حروف اس طرح لکھیں

ل و ل اال ہ و ی ل م ت ر ق د م ع اع ل ی ط ل ل و ل اا ر ق ت ل ذ ک را ل ب ان و ال ع ل م

اور علامہ محمد بن عبداللہ قیصری رحمہ اللہ القوی فرماتے ہیں:۔ ہم نے اس کا کئی مرتبہ تجربہ کیا سچ اور حق پایا (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 19)۔

(2) ہر جائز حاجت پوری ہونے کا عمل

فکیف تنکرو حبا بعد ما شھدت

بہ علیک عدول الدمع والسقم

اگر کسی جائز حاجت ومقصد کے لیے اس شعر کو تین مرتبہ پڑھ کر وہ کام شروع کرے تو انشاء اللہ عزوجل وہ حاجت پوری ہے۔

(3) دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا عمل

محضتنی النصح لکن لست اسمعہ

ان المحب عن العذال فی صمم

اگر کسی شخص کو دشمن کا ڈر ہو یا کسی سے تکلیف واذیت پہنچے کا خوف ہو تو ایک گول کاغذ کے کنارے کنارے اس شعر کو لکھ کر عمامہ یا ٹوپی میں رکھیں اور یہ شعر پیشانی کی طرف رہے انشاء اللہ عزوجل دشمن ذلیل ورسوا ہوا اور یہ خود ان سے شر سے محفوظ رہے۔ (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 30)۔

(4) کسی بھی کتاب میں انتہائی مشکل مقام کو حل کرنے کا عمل

واستفرغ الدمع من عین قدامتلات

من المحارم والزمر حمیۃ الندمہ

اگر دوران مطالعہ کوئی ایسا مقام آ جائے جو انتہائی مشکل ہو اور باوجود کوشش کے کسی طرح حل نہ ہو یہ شعر 119 مرتبہ پڑھیں پھر مطالعہ کریں انشاء اللہ عزوجل وہ مسئلہ وہ تمام حل ہو جائے گا۔ (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 53)۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

(5) جس مکان میں یہ قصیدہ مبارکہ پڑھا جائے سات چیزوں سے محفوظ رہے گا۔

-- آسیب و جن وغیرہ اس گھر سے بھاگ جائیں گے۔
-- مرض آبلہ سے نجات ہوگی۔
-- آنکھ میں زخم نہ ہوگا۔
-- وبا سے نجات ملے گی۔
-- مرض برص اور اچانک موت سے نجات ہوگی۔
-- اچانک حادثہ سے حفاظت ہوگی اور ہر بلا سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔
-- دین و دنیا کا نقصان نہ ہوگا۔

(6) جملہ حاجات کے لیے مجرب عمل

جو شخص جمعہ کی رات میں 27 مرتبہ قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر کسی شیرینی پر نیاز دلائے تو اس کی وہ حاجت انشاء اللہ پوری ہوگی۔

(7) گھر خیرو عافیت کے ساتھ واپس آنے کا عمل

ماسامنی الدھر ضیما واستجرت بہ
الا ونلت جوار امنہ لم یضم

اگر مسافر اس شعر کو ایک کاغذ پر لکھ کر پہلا مصرعہ گھر چھوڑ دے اور دوسرا مصرعہ اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ عزوجل ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا اور گھر خیر و عافیت کے ساتھ واپس آئے گا۔ (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 14)۔

(8) ہر قسم کے آسیب سے شفایابی کا بہتر عمل

فکیف تنکر حبا بعد ماشھدت
بہ علیک عدول الدمع والسقم
محمد سید الکونین والثقلین
والفریقین من عرب ومن عجم

اگر چینی کے برتن میں یہ اشعار لکھ کر آسیب زدہ کو پلائیں تو چند ہی روز میں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

نوٹ: یہ دونوں اشعار ہر قسم کے آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کریں اور اس کا تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔

(9) لڑکیوں کے نصیب کھولنے کے لیے بے نظیر عمل

جو جمعہ کی رات جبکہ چاند عروج کر رہا ہو بعد نماز عشاء سترہ بار قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر دعا کرے' انشاء اللہ عزوجل مراد پوری ہوگی۔ یہ عمل سات جمعہ کرے۔

شان اگربتی

عملیاتی مقاصد' پڑھائی' بکر' چلہ وغیرہ کے لیے شان اگربتی حد درجہ مفید ہے۔ یہ خاص طور پر عملیات مقاصد کے لیے تیار کی گئی ہے اور ایک اگربتی کم و بیش چار گھنٹے تک مسلسل جلتی ہے سو پڑھائی وغیرہ اگر طویل وقت کی ہے تو بھی باآسانی یہ استعمال ہو سکتی ہے اور اگر کم وقت کی ہے تو ضرورت کے استعمال کے بعد اس کو بجھا کر دوبارہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

(10) سکرات الموت میں آسانی کا عمل

لو ناسبت قدرہ آیاتہ عظما
احیی اسمہ حین یدعی دارس الرمم

اگر یہ شعر سکرات الموت میں مبتلا شخص پر پڑھا جائے تو اگر وقت پورا ہو چکا ہے تو موت آسانی سے ہوگی ورنہ جلد شفا ہوگی۔ (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 93)۔

(11) ظالم و جابر اور خونخوار درندہ سے حفاظت کا مجرب عمل

وقایۃ اللہ اغنت عن مضاعفۃ
من الدروع وعن عال من الاطم

اگر ظالم کا خوف ہو یا کسی ایسی جگہ میں ہو جہاں درندوں کا خوف ہو کہ چیر پھاڑ کھائیں گے تو یہ شعر سات بار یا نو بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے حصار کرلے' انشاء اللہ عزوجل دائرہ میں کوئی وحشی درندہ داخل نہ ہو سکے گا اور ظالم و جابر ہر شخص سے بھی محفوظ رہے گا' یہ عمل مجرب ہے۔ (''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 139)۔

(12) دینی و دنیاوی حاجات کے لیے تریاق

ھو الحبیب الذی ترجی شفاعتہ
لکل ھول من الاھوال مقتحم

اگر کسی کی دینی و دنیاوی حاجات ہو اسے چاہیے کہ ایک ہی مجلس میں اس شعر کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ عزوجل اس کی حاجت پوری فرمائے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

گا۔علامہ ابوسعید خدریؒ فرماتے ہیں الاہ اَنَالُ مَا اَتمنَّاہُ اس شعر کی برکت سے میری ہر تمنا پوری ہوئی ہے۔(''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 77-78)۔

(13) گناہوں کی عادت سے چھٹکارے کا عمل

وخالف النفس والشیطان واعصھما
وان ھما محضاک النصح فاتھم
ولا تطع منھما خصما ولاحکما
فانت تعرف کیدا النحصم والحکم

جو شخص گناہوں کا عادی ہو اور نفسانی خواہشات کی وجہ سے توبہ کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ ان دونوں اشعار کو بعد نماز جمعہ ایک کاغذ پر لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پی لے اور اسی جگہ قبلہ کی طرف چہرہ کیے بیٹھا رہے اور خضوع وخشوع کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں توبہ کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھتا رہے۔حتیٰ کہ نماز عصر ومغرب وعشاء وہیں پڑھے تو انشاء اللہ عزوجل نفس مغلوب وتابع ہوگا۔(''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 58)۔

(14) نافرمان جانور کو تابع کرنے و زبان لکنت کا علاج

امن تذکر جیران بذی سلم
مزجت دمعا جرای من مقلتہ بدم
ام ھبت الریح من تلقاء کاظمتہ
واومض البرق فی الظلماء من اضم
فما لعینک ان قلت اکففاھمتا
ومالقلبک ان قلت استفق یھم

— ان تینوں اشعار کو اگر شیشہ کے برتن پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر نافرمان جانور کو پلایا جائے تو وہ فوراً تابع ہو جائے گا اور اگر کسی نافرمان بیوی کو بھی اسی طرح لکھ کر پانی پلایا جائے تو فرماں بردار ہو جائے گی اور شوہر کی ہر بات مانے گی۔حضرت علامہ محمد بن عبداللہ قیصری رحمہ اللہ القوی فرماتے ہیں ہم نے اس کا تجربہ کیا اور اسے تیر بہدف پایا۔

— اگر ان تینوں اشعار کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر ایسے شخص کے بازو پر باندھا جائے جس کی زبان میں لکنت کا مرض ہو تو زبان کی لکنت دور ہو جائے گی اور اللہ عزوجل کی مدد سے وہ فصیح اللسان ہو جائے۔(''عصیدہ الشھدۃ'' صفحہ 14)۔

(15) مجرب استخارہ

جمعہ کی رات کو بعد از نماز عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ ادا کریں۔پھر مندرجہ ذیل شعر 313 بار پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔متواتر اسی طرح تین روز کرنے سے جس کام کے متعلق دریافت کرنے کا ارادہ ہوگا بذریعہ استخارہ انشاء اللہ معلوم ہو جائے گا۔قصیدہ بردہ شریف کا 36 واں شعر یہ ہے۔

ھو الحبیب الذی ترجی شفاعتہ
لکل ھول من الاھوال مقتھم

(16) دام الفت

جنوبی دیوار میں سفید کاغذ پر سیاہ دائرہ جس کا احاطہ یہ ہو سامنے بیٹھ کر باوضو اگربتی وغیرہ سلگا کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمیؑ پڑھ کر نظر دائرہ پر جما کر قصیدہ بردہ شریف کا بہترواں یہ شعر

جاءت لدعوتہ الاشجار ساجدة
تمشی الیہ علی ساق بلا قدم

یکسوئی ونظر قائم کر کے توجہ سے پڑھنا ہے۔چند یوم میں یہ عبور حاصل ہو جائے گا کہ شعر پڑھنے کے دوران دائرہ سفید ہو جائے یا غائب ہو جائے اور اتنی مشق ہو جائے کہ دائرہ غائب کرنے یا سفید دیکھنے پر مکمل کنٹرول ہو جائے تو عامل کو حیرت انگیز قوت اس طرح حاصل ہو جائے گی کہ راہ چلتے ذی روح پر توجہ ویکسوئی مکمل رکھ کر شعر پڑھنا شروع کرے تو معمول راہ گیر اُسی لمحہ اپنی راہ سے ٹوٹ کر عامل کے پاس حاضر ہو جائے گا۔اور حکم کی مکمل تعمیل کرے گا۔(آزمودہ است)

نوٹ: جو شخص حرام کاری کے لیے عمل کو غلط طریقہ سے استعمال میں لائے گا وہ اپنے گناہ و آخرت کا خود ذمہ دار ہوگا۔حلال وجائز کے لیے عمل کو استعمال کرنے کی اجازت ہے مثلاً شادی بیاہ یا کسی سے اپنی بات منوانا وغیرہ وغیرہ۔
میں نے اور میری کئی مہذب دوستوں نے اس کا کئی مرتبہ تجربہ کیا، سچ اور حق پایا۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

طلسمی انگشتری

غلام سرور شباب قادری، حویلی لکھا۔

حصول عزت وتوقیر، ترقی عہدہ وکاروبار، فراوانی مال ودولت

free copy

اگر آپ چاہیں کہ خاندان کے افراد ہر خاص وعام آپ سے عزت و توقیر سے پیش آئیں، اجنبی لوگ بھی آپ کے گرویدہ ہوں۔ جہاں جائیں لوگ احترام سے پیش آئیں، کاروبار میں ترقی اور خیر وبرکت ہو۔ ملازمت میں اعلیٰ عہدہ پر ترقی ملے۔ مال ودولت میں فراوانی نصیب ہوسکے۔ ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل طلسمی انگشتری بے نظیر ہے اور اپنے اثرات میں اکسیر اعظم ہے۔ طلسمی انگشتری کا نقش معظم قوی عشرہ کے قاعدہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ عاملین جفر اس قاعدہ سے عجیب وغریب کام لیتے ہیں۔ یہ قانون متصلہ میں بھی بڑے کام آتا ہے اور علم آثار میں بھی نہایت سریع الاثر ہے۔ آج کی نشست میں علم آثار الجفر کا ایک بے نظیر قاعدہ تحریر کررہا ہوں۔

اس طلسمی انگشتری کا حامل لوگوں میں معزز رہتا ہے اور شاہانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

ایسی بہو بیٹی جس کی سسرال میں عزت نہ ہوتی ہو، سسرالی لوگ بلاوجہ نفرت کرتے ہوں اور اسے بات بات پر بے عزتی کا نشانہ بناتے ہوں۔ خاوند بھی پروانہ کرتا ہو۔ ایسی بہو بیٹی اگر طلسمی انگشتری تیار کرکے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے اس کی عزت کرنے لگیں گے۔ اگر اسی گھر میں دوسری بہو بیٹیاں بھی ہوں تب بھی ان میں معزز رہے گی بلکہ سسرالی لوگوں اور خاوند کی آنکھوں کا تارا بنی رہے گی۔

ایسا کوئی فرد جو اپنی کسی بری حرکت کی وجہ سے دوسروں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہوگیا ہو تو اسے اپنی عزت بحال کرنے کے لیے طلسمی انگشتری تیار کرکے اپنے پاس رکھنی چاہیے۔

اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ یا منصب سے معطل ہوجائے یا اسے نکال دیا جائے یا اس کی ترقی روک دی جائے تو عہدہ یا منصب کی بحالی کے لیے طلسمی انگشتری مذکورہ تیار کرکے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ منصب پر بحال ہوجائے گا۔ اگر ترقی رکی ہو تو وہ بھی مل جائے گی۔

کشائش رزق، خیر وبرکت اور ترقی کاروبار، فراوانی مال ودولت کے لیے یہ انگشتری اکسیر اعظم ہے۔ ایسے تمام افراد کے لیے یہ طلسمی انگشتری بے نظیر اور مانند اکسیر الاحمر ہے جن کا تعلق خلقت سے رہتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹرز، حکماء، تاجرز، دکاندار حضرات، وکلاء، انشورنس کمپنی کے ملازمین اور ایسے دیگر افراد۔

تیاری کا طریقہ

khalidrathore.com

انگشتری مذکورہ کی تیاری کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کریں۔ پھر ان کو قوی عشرہ کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ اب سورہ قدر کے اعداد (من الف شہر) تک ابجد آدم سے استخراج کریں اور ان کو قوی عشرہ کریں اور مجموعہ میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد کا مجموعہ ملا کر تمام اعداد سے ایک مثلث خالی البطن پر کریں اور مثلث کے بطن میں "یامعز اعزنی بعزتک یا عزیز" تحریر کریں۔

مثال:

ایک مثال سے طلسم کی تیاری کا طریقہ تفصیلاً تحریر کرتا ہوں تاکہ ہر قاری بوقت ضرورت فیض یاب ہوسکے۔ مثلاً احسن علی بن نسیم کوثر کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے۔ احسن علی بن نسیم کوثر کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کرکے قوی عشرہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے۔ 58710 اور سورہ قدر کی پہلی تین

03008442060

آیات یعنی (مــن الف شهــر) تک کے اعداد ابجد مذکورہ سے استخراج کر کے قوئی عشرہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے 193080۔ اب ان دونوں کو جمع کیا تو مجموعہ حاصل ہوا 251970۔ اب ہمیں 251790 کا مثلث خالی البطن پر کرنا ہے۔

خالی البطن کا طریقہ

مثلث خالی البطن پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل اعداد کو عدد 12 پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھیں اور ہر خانہ میں رفتار کے عدد سے خانہ اول کے اعداد سے ضرب دے کر لکھتے جائیں۔ اگر تقسیم کے عمل سے کچھ باقی بچے تو اسے خانہ ششم میں ڈالیں اور باقی خانوں میں بھی اس کا اضافہ کریں۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ ہر ضلع کا میزان برابر ہوگا۔ وتر کے میزان کے چکر میں نہ پڑیں۔ رفتار مثلث خالی البطن یہ ہے۔

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

مثلاً اعداد=251790 کا نقش مثلث خالی البطن پُر کرنا ہے۔ تو قانون کے مطابق اعداد 251790 کو 12 پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم 20982 آیا اور باقی 6 بچا اور اصل نقش یہ تیار ہوا۔

۷۸۶		
۶۲۹۴۶	۱۶۷۸۶۲	۲۰۹۸۲
۱۴۶۸۸۰	یامعز اعزنی بعزتک یا عزیز	۱۰۴۹۱۰
۴۱۹۶۴	۸۳۹۲۸	۱۲۵۸۹۸

درمیانی خالی خانہ میں "یامعز اعزنی بعزتک یا عزیز" تحریر کریں۔ اسے شرف شمس، شرف مشتری، شرف زہرہ یا ان سیاروں کے اوج کے اوقات یا ان کے منسوبی ایام میں ساعت متعلقہ میں سرخ کاغذ پر زعفران کی روشنائی سے تحریر کریں۔ بھوج پتر یا ہرن کی جھلی پر بھی تحریر کیا جا سکتا ہے۔ تحریر شدہ نقش کو تہہ کر کے تعویذ بنا کر اس کے اوپر سونے کا ورق لپیٹ دیں۔ جو لوگ سونے کے ورق کی طاقت نہ رکھتے ہوں وہ گولڈن کاغذ لپیٹ لیں۔

اب اس نقش کو چاندی کی انگشتری میں رکھ کر اوپر سرخ رنگ کا نگینہ جڑا لیں۔

عورتیں اسے اپنے لاکٹ میں رکھ کر سرخ نگینہ جڑا سکتی ہیں۔

یہاں تک طلسم کی تیاری کا آدھا کام مکمل ہوا ہے باقی عمل کی تفصیل یہ ہے۔

جس دن نیا چاند طلوع ہو اس رات انگشتری اونچی جگہ آسمان کے نیچے رکھیں۔ مثلاً آپ کے مکان کی جو سب سے اونچی چھت ہے یا دیوار ہے اس پر رکھیں۔ واضح رہے کہ وہ جگہ بند نہ ہو۔ کشادہ ہو اور اس پر صرف آسمان کا سایہ ہو۔ اب اس کے سامنے بیٹھ کر ایک تسبیح سورہ القدر (من الف شھر) تک پڑھیں اور انگشتری پر دم کریں۔ صبح سورج طلوع ہونے سے قبل اس کو اُٹھا کر اپنی تیسری یا سب سے چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ اگلی رات سورج غروب ہونے کے بعد انگشتری کو اونچی جگہ پر رکھ کر ایک تسبیح سورہ القدر حسب سابق پڑھ کر دم کریں اور اگلی صبح سورج طلوع ہونے سے قبل پہن لیں۔ چاند کی چودہ شب تک یہ عمل بلا ناغہ کریں۔ اب چودھویں شب کی صبح کو نماز فجر کے بعد انگشتری سامنے رکھ کر "**یامعز اعزنی بعزتک یا عزیز**" ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں اور انگشتری کو پہن لیں اور اس کی حفاظت کریں۔ انشاء اللہ ان ایام کے اندر اندر آپ مقصد کو پالیں گے۔ ناپاکی کی حالت میں بدن سے الگ رکھیں۔ پھر غسل کر کے پہن سکتے ہیں۔ دوران عمل ہی حامل انگشتری کے مقاصد پورا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ مگر ضروری ہے کہ عمل مکمل کریں تا کہ یہ طلسمی انگشتری آپ کو عمر بھر کام دے۔

ہماری دعا ہے کہ ہر ضرورت مند اس عمل سے فیض یاب ہو۔ ہم نے ہر بات وضاحت سے بیان کردی ہے۔

احکام النجوم (وقتی نجوم)

وقتی علم نجوم کے موضوع پر یہ ایک قدیم اُردو کتاب کی اشاعت نو ہے۔ یہ کتاب طویل عرصہ پہلے شائع ہوئی تھی اور اب ناپید تھی۔ ادارہ "راھنمائے عملیات" نے وقتی نجوم کے موضوع پر اس قدیم اور لاجواب کتاب کو نئی زندگی دیتے ہوئے شائع کیا ہے۔ وقتی نجوم اور اس کے مختلف پہلوؤں کو سمجھنے کے لیے اس سے بہتر کتاب شاید ہی کوئی ہو۔ قدیم ماہرین کے تجربات اب خفیہ نہیں رہے، اس کتاب کے ذریعے سب پر ظاہر ہوں گے۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions
03008442060

یونس مانسہروی، کراچی۔

حرف "م"

شروع کرتا ہوں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے مقدس نام سے جو بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے۔ خداوند قدوس جل شانہ کی بارگاہ اقدس میں لاکھوں ہدیہ حمد وثنا..... سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لاکھوں ہدیہ درود و سلام.... حضرات محترم بزرگان دین اور علوم مخفی کے ماہرین نے حروف کے

محترم یونس مانسہروی کی میدان عملیات میں خصوصی حیثیت ہے۔ وہ پچھلے کچھ عرصہ سے علیل ہیں۔ راھنمائے عملیات کے تمام قارئین سے انہوں نے خصوصی دعا کی درخواست کی ہے۔ امید ہے تمام قارئین ان کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

بارے میں عجیب وغریب انکشافات ہی نہیں کیے بلکہ ان انکشافات کو عام کر کے ان کے عمل واعمال کے راستے بھی متعین کر دیئے ہیں۔ قرآن مقدس کی سورتوں کی ابتداء حروف والفاظ سے ہوتی ہے۔ ان حروف کو حروف مقطعات بھی کہتے ہیں اور حروف نورانی بھی ان کا نام ہے۔ یہ حروف اپنے اندر کتنی تاثیر اور اسرار وفیض رکھتے ہیں۔ یہ بات صرف ماہرین اور وہ لوگ جانتے ہیں جنہوں نے شدید محنت کر کے ان حروف کی زکوۃ ادا کی اور پھر ان کے حیرت انگیز اور پُر اسرار اثرات کا مشاہدہ کیا۔ جب یہ محترم ہستیاں ان حروف کے اثرات، فیوض و برکات سے مطمئن ہوئیں تو اپنے خاص خاص عقیدت مندوں اور مریدوں کو سکھایا۔ اور اس طرح یہ علم ہم جیسے گناہ گار اور عاجز انسانوں تک پہنچا۔ آج کی محفل میں ہم آپ کی خدمت میں ایک حرف "م" کا نہایت مجرب اور موثر عمل پیش کرتے ہیں۔ حرف "م" سے اللہ جل شانہ کے کئی نام شروع ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ حرف مقدس سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس اور محترم نام کا پہلا حرف ہے۔ اس نام پاک اور اس کے مفرد حروف اور اعداد کتنے بابرکت، باعظمت اور محترم ہیں یہ صرف وہی لوگ جانتے ہیں جنہوں نے محنت کی اور علم حاصل کیا۔ ہم اس حرف کا عمل آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ نوچندی پیر کے روز بعد عشاء غسل کر کے اعلیٰ ترین قسم کی اگر بتی جلائیں (ادارہ راھنمائے عملیات سے "شان اگر بتی" بھی حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے آپ کو اور اپنے لباس کو گلاب اور مشک کی خوشبو سے معطر کر کے پانچ سو چھتر 576 نقش چالیس روز لکھیں۔ پہلے دن کے بعد اگر غسل کر لیں تو بہتر ہے کہ بصورت دیگر وضو کر لیں۔ تمام نقوش آخری دن آٹے میں مکس کر کے جاری پانی میں بہا دیں۔ اب آپ اس حرف کے عامل ہو گئے۔ اپنی صلاحیت، ذہانت اور شعور کے مطابق اب اس سے ہر کام لے سکتے ہیں۔ یہ نقش صرف ان لوگوں کے لیے ہے جن کے نام کا پہلا حرف "م" ہے۔ حرف م کے علاوہ اور کسی نام والے کو فائدہ نہیں دے گا۔ نقش ملاحظہ فرمائیں۔

۷۸۶

م	م	م
م	م	م
م	م	م

کیفیص

عمل مکمل کر کے زرد رنگ کا حلوہ یا زردہ پکا کر سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور بزرگان دین کی خدمت میں فاتحہ پیش کریں۔

جناب خالد اسحاق راٹھور اور ادارہ راھنمائے عملیات اور اس عاجز کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

گردش حالات/ساڑھ ستی

کیا آپ ساڑھ ستی کا شکار ہیں؟ یہ بات سادہ حساب سے بھی معلوم ہو جاتی ہے لیکن کسی بھی فرد کو تین طریقوں سے ساڑھ ستی کا سامنا ہو سکتا ہے۔

اول: طالع پیدائش

دوم: طالع قمری

سوم: ذاتی نام

ہماری یہ رپورٹ آپ کو تینوں طریقوں سے ساڑھ ستی کی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے حل کے لیے ضروری صدقات، اپاؤ، جواہرات وظائف اور عملیاتی حل بھی بیان کرے گی۔ گردش حالات یا ساڑھ ستی کے حوالے سے یہ رپورٹ ایک سند کا درجہ رکھتی ہے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

فقیر محمد افضل چشتی، ڈیرہ غازی خان۔

عملیات برائے بغض و جدائی

محترم قارئین کرام ماہنامہ راہنمائے عملیات اسلام علیکم!

آج اپنے دادا حاجی اللہ بخش زوار چشتی اور نانا حاجی نصیر بخش چشتی کے عطاء کردہ عملیات لے کر خدمت حاضر ہوں یہ میرے مجرب و روزمرہ معمولات کا حصہ ہے۔ عملیات کے شائقین حضرات کو یقیناً میری کاوش ضرور پسند آئے گی۔ تمام جائز کاموں میں ان اعمال کی اجازت دیتا ہوں اور ناجائز کاموں میں یہ فائدہ نہ دے گا۔

نقش برائے جدائی

یہ نقش جائز جدائی کے لیے گھر میں دفن کرے انشاءاللہ جدائی ہوگی جس کو جدائی کرانی ہو اس کے گھر دفن کریں۔

دربس ۹۱۱۶ ۔ ہ ۱۱دہ وو ۱۱۱و ۱۱

۱۱۱۶ ۱۱۱۱۷ ۱۱۱۱۸ ۱۱۱۱ع ہ ہ فلاں بن فلاں

نقش برائے جدائی

یہ آیت جدائی کے لیے لکھ کر قبرستان میں دفن کریں۔ 9 دن کا عمل ہے۔ 71 مرتبہ روزانہ ایک سرخ مرچ پر پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاں ہوں گے۔ یہ عمل جائز مقصد کے لیے فائدہ دے گا، ناجائز میں نہیں۔ آیت یہ ہے۔

اللھم بغفھا وعدا وتھا بین (نام) علی بفضل (نام) البغضتہ و الملئکۃ والنا اجمعین. خالدین فیھا لا یچخفف عنھم العذاب ولا ھم ینظرون.

عمل برائے جدائی

یہ عمل جدائی ے لیے جن کے درمین جدائی کرنی ہو دونوں کے بائیں پاؤں کی مٹی لا کر اس پر 101 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر آگ میں ڈال دیں، انشاءاللہ جدائی ہوگی۔

عمل برائے بغض

یہ نقش جدائی کے لیے دیوار میں دفن کر دے انشاءاللہ جدائی ہوگی۔

نقش یہ ہے

۱۱۱۷ ۱۱۹۸ ۱۱۶ ۱۱عہ ۱۱۹ ۱۱۷ ۸ ۷ ھ م م البغض وجدائی فلاں بن فلاں

طمس طمس ھی ھی ھی محل ھر ھلح ھو کا ھو علی البغض فلاں

نقش برائے جدائی

یہ نقش جدائی کے لیے 3 دن پلائیں، انشاءاللہ جدائی ہوگی۔

نقش یہ ہیں:-

(۳۵) (ضر) (لمع) (لمع) (سماء) (داع) (سماء) (دسود)

کلیہ سلیمانی المعروف تحفہ سلیمانی

ایک ایسی کتاب جس کے تمام خواص اور خوبیوں کو چند سطور میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ وہ جو متفرق عملیات اور قواعد عملیات ونقوش کے خواہشمند میں ان کے لیے ایک خصوصی دلچسپی کی حامل کتاب ہے۔ کواکب کی سعادت ونحوست، مختلف نقوش کی ترکیب، دعوت، خواص، نقش ذوالکتابی، اسم اعظم، قواعد تکسیرات، حاضرات، شفاء، قضائے حاجات، حب، عداوت، غلبہ، محبت، عقدالللسان، استخارہ، فالنامہ، رجال الغیب، اختیارات، ساعات، دوستی دشمنی کواکب، جنتر، منتر اور تعویذات کا بیان اس کا اشاراتی جدول ہے۔ وہ جو ان امور میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کے لیے ایک جگہ کافی قسم کے امور ایک جگہ اور مستند طور پر بیان کیے گئے ہیں۔ عاملین کو ضرور اس کتاب کو پڑھنا چاہیے۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)

free copy
khalidrathore.com
0300842060

یونس مانسہروی، کراچی۔

عمل گرہن

لاکھوں حمد وثنا اس پاک رب کی بارگاہ میں خالق و مالک اور الحکم الحاکمین ہے۔ لاکھوں ہدیہ صلوۃ وسلام اس مقدس ومکرم ہستی کی بارگاہ پاک میں جو محبوب رب العالمین ہے۔ قارئین محترم اکثر عامل اور عام لوگ نقش لکھتے ہیں لیکن چند باتوں کا خیال نہیں رکھتے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نقش سے کوئی فیض نہیں ملتا اور کسی قسم کے اثرات ظاہر نہیں ہوتے۔ جب ناکام ہو جاتے ہیں تو نقش یا لوح جو بھی بناتے ہیں اسے برا بھلا کہتے ہیں یا پھر جس سے نقش یا لوح لیتے ہیں اسے برا بھلا کہتے ہیں۔ اگر ایسے لوگوں کا یقین وعقیدہ ڈانوں ڈول اور کچا ہو تو انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ ایک اہم ترین بات یہ ہے کہ نقش لکھنے والا نقش لکھنے کے آداب اور شرائط کی پابندی نہیں کرتا تو اس صورت میں نقش یا لوح کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ بلکہ اگر خدانخواستہ رجعت ہو گئی تو اس کا علاج خاصہ مشکل ہوگا۔ جناب محترم خالد اسحاق راٹھور صاحب اپنے ایک مضمون میں ایک اور انتہا کی اہم بات کی طرف بھی توجہ دلا چکے ہیں اور وہ بات یہ ہے کہ بعض عامل نقوش اور الواح بال پن سے لکھتے ہیں۔ ایسے تعویذات اور نقوش والواح سے لینے والے کو کتنا فائدہ ہوگا اور اس کا مسئلہ کس طرح حل ہوگا۔ ہم نے کراچی میں ایک خاتون کے پاس تین تعویذ دیکھے، یہ تعویذ نہ تو پرنٹ کئے ہوئے تھے اور نہ ہی بال پن سے لکھے گئے تھے۔

قارئین کرام ان تعویذات کی مہر لگی ہوئی تھی۔ کسی عامل نے عمل کی مہریں بنوائیں اور کاغذ پر مہر لگا کر تعویذات دے رہے ہیں، دینے والے چند ٹکوں کی خاطر اپنا ضمیر تو فروخت کر دیا لیکن لینے والوں کو اتنا شعور اور سمجھ بوجھ نہیں ہے کہ مہر کے بنے تعویذات کیا اثرات دیں گے اور ان سے کیا فائدہ ہوگا۔

ایسے تمام ضرورت مند لوگوں سے گذارش ہے کہ ایسے نااہل اور جاہل قسم کے عاملوں سے دور رہیں۔ کام تو کوئی نہیں بنے گا بلکہ بنتا ہوا کام بھی بگڑ جائے گا۔ پیسے کی بربادی کے ساتھ مسائل اور مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ اب آئیے آپ کی خدمت میں چاند گرہن کا تسخیر کا ایک مجرب عمل پیش کرتے ہیں۔ چاند گرہن اور عامل حاضرات کی ضرورت کی تمام تاریخیں 'خالد روحانی جنتری' اور راھنمائے عملیات کے ہر شمار میں ہوتی ہیں۔ پہلے نقش ملاحظہ فرمائیں۔ یہ عمل تسخیر کے لیے مجرب ہے۔

سلام قولا من	سلام	سلام
رب الرحیم	علی المرسلین	علی الیاسین
سلام علی نوح	سلام	سلام
فی العالمین	علی موسی و ھارون	علی ابراھیم
سلام حی حی	سلام علیکم	مبین مبین مبین
مطلع الفجر	فادخلوھا خالدین	مبین مبین مبین مبین

چاند گرہن سے چالیس دن پہلے درج بالا نقش تین سو پچیس کی تعداد میں بعد نماز عشاء لکھیں اور جاری پانی میں بہادیں۔ آخری اکتالیسویں دن نقش لکھ کر دو رکعت نفل پڑھ کر کامیابی کی دعا مانگیں۔ آخری دن کا نقش چاند گرہن والا دن ہوگا۔ نقش لکھنے سے پہلے سات سات مرتبہ درود پاک بمعہ بسم اللہ کے پڑھیں۔ یہ نقش نہایت محبت اور خلوص کے ساتھ ادارہ راھنمائے عملیات کے سربراہ محترم خالد اسحاق راٹھور کی نذر کرتے ہیں۔ ادارہ اور اس فقیر کو دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

جواھراتی انگوٹھیاں

قیمتی پتھر یا جوہر ادارہ راھنمائے عملیات شروع سے ہی فراہم کر رہا ہے اور لاتعداد ضرورت مند اور شوقین خواتین و حضرات ادارے سے اصل پتھر و جوہر حاصل کر چکے ہیں۔ تاہم سال 2005 سے ادارہ راھنمائے عملیات مختلف جواہرات پر مبنی تیار شدہ انگوٹھیاں، لاکٹ اور کانوں کے رنگ بھی پتھروں کے جواہراتی اثرات اور خصوصیات سے مستفید ہونے کے لیے فراہم کر رہا ہے۔

03008442060

عبدالحئی راٹھور

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8مارچ

مالی حالات میں خرابی متوقع ہے۔ آپ کے ذہن پر غصہ سوار رہے گا اور آپ اکثر فیصلے یا کام جلد بازی میں کریں گے۔ امتحانی نتائج کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کرسکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آرہا ہے تو حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو مکان یا سواری کی خریداری کرنا چاہتے ہیں ان کو بہتر چیز مناسب قیمت کے ساتھ ملنے کی توقع ہے لیکن اس کے لیے ان کو کافی محنت کرنا ہوگی۔ بیماری طوالت اختیار کرگئی تھی تو اب صحت میں بہتری کے اُمید پیدا ہوتی نظر آرہی ہے۔

9تا16مارچ

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ اگر ان کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ دور ہوجائے گی۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ ہے تو آپ کے ان پر اخراجات ہوں گے۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے متعلق اگر کوئی کام ہیں تو حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا اپنے یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا ہوگا، لیکن بہت کم۔ سیر و تفریح یا تجارت کے لیے اندرون ملک سفر کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

17تا24مارچ

بہو کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو اِن میں بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَرُجُوْعِهٖ وَوَبَالِهٖ وَسُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے وابستہ اگر کوئی غلط فہمی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات دوبارہ استوار ہوں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں گے، لیکن ان کو بھی عملی شکل دینے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ شراکت یا وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوتا نظر آ رہا ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اندازِ گفتگو میں پہلے کی نسبت اچھا ہوگا۔

25تا31مارچ

طالب علموں کے تعلیمی میدان میں بہتر نتائج کی توقع ہے۔ بہن بھائی اور رشتے دار آپ کے لیے کافی اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ اخراجات زیادہ تر ان کے اوپر ہی ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ کی خواہشات بھی آپ سے منسلک رہیں گی۔ باہر جانے کے خواہش مند افراد اگر اس وقت اپنی کوششوں میں تیزی پیدا کریں تو بہت ممکن ہے کہ رواں وقت میں

بیماری ہی بیماری

اگر آپ خود یا آپ کے ارد گرد کوئی ایسا بچہ، مرد یا عورت ہے جو ایک کے بعد دوسری مرض کا شکار رہتا ہو یا بیک وقت کئی امراض اس میں جمع ہوں یا ہر وقت کسی نہ کسی تکلیف کا اظہار کرتا ہوا ملتا ہے تو ایک دفعہ اصل **وویل** جو کم از کم سات کیرٹ سے زیادہ وزن کا ہو استعمال کروائیں۔ مجھے یقین ہے صحت دینے والی ذات اللہ کی ہے اور اس جواہراتی علاج سے فرد ضرور شفا حاصل کرے گا۔ اس دنیا کے خالق نے کوئی شے بے مقصد پیدا نہیں کی۔

آپ کو کامیابی حاصل ہو جائے۔ حکومتی اداروں اور افسران سے متعلق کاموں میں آپ کو کامیابی ہوگی۔ آپ کے وہ معاملات جو حکومتی اداروں یا حکومتی اہلکاروں کی وجہ سے کسی رکاوٹ یا بندش کا شکار تھے تو اب کسی حد تک ان کے حل ہونے کی امید پیدا ہوگی۔ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اُن کی وجہ سے آپ کو مشکلات کا سامنا رہے گا۔

سعد تاریخیں	8-13-22-23-27
نحس تاریخیں	18-25
لکی نمبر	4-5-9

ثور

عرصہ حکومت	21اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا8مارچ

عشق و محبت کے معاملات کی طرف خاصہ رجحان رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد تعلیم کی بجائے دوسرے کاموں پر زیادہ وقت صرف کریں گے۔ اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ شریک حیات کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں کو نظر انداز کرنے کی کوشش کریں، ورنہ حالات زیادہ خراب ہو سکتے ہیں۔ دشمنوں اور مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے یہ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدے کی امید بھی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا موزوں نہیں، حادثہ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز ان کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پروگرام بھی بنائیں گے۔

9تا16مارچ

رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی، سیکھنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے، نیز ان سے وابستہ اگر کام ہیں تو وہ بھی حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن نہیں ہے۔ حکومتی عہدیداروں اور قانونی معاملات سے متعلق مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل جول کم رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی اور تعلیم سے ہٹ کر جو کام کر رہے تھے ان پر توجہ کم دیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر تکمیل نہ پا سکیں گے۔

17تا24مارچ

شریک حیات اور ساس کے ساتھ معاملات میں خرابی کی توقع ہے۔ گھر کی تزئین و آرائش پر اخراجات ہوں گے۔ وہ افراد جو نوکری حاصل کرنے کے لیے کوششیں کر رہے ہیں رواں دنوں میں ملازمت ملنے کی توقع ہے۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ سفارش کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں، حکومتی اور غیر سرکاری ادارے سے لینے کی کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

نظر آ رہی ہے۔

25تا31مارچ

شریک کار کی طرف سے مالی فائدہ متوقع ہے۔ رواں دنوں میں آپ کے اوپر روپے کمانے کا بھوت سوار ہوگا۔ اس حوالے سے آپ بہت سے آسان ذرائع کا سہارا لیں گے۔ مثلاً بانڈ، انعامی سکیمیں، گھڑ سواری وغیرہ، اس حوالے سے آپ کو خاطر خواہ کامیابی بھی ہوگی۔ آپ اپنا وقت اولاد کے ساتھ گزارنا پسند کریں گے۔ داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ بینکوں میں اکاونٹ کھلوانے اور انشورنس کروانے کے لیے وہ وقت سعد ثابت ہوگا۔ مال کی لین دین کے دوران احتیاط سے کام لیں۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار کرنا نقصان کی طرف لے جاسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	6-10-11-15-16
نحس تاریخیں	20-27
لکی نمبر	0-2-7

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا8ماچ

آپ کا رجحان خط و کتابت اور فنون لطیفہ کی طرف بڑھے گا۔ امیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے موزوں وقت ہے لیکن اس کے لیے آپ کو محنت بہت زیادہ کرنا ہوگی۔ سوتے میں برے خواب آئیں گے اور آپ اپنے اوپر جادو سحر بھی محسوس کریں گے۔ جادو سحر کے خاتمہ کے لیے آپ ہمارے ادارے سے لوح رد سحر لے کر استعمال کریں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ قانونی معاملات میں آپ کے دخل اندازی سے آپ کو پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے اور گھریلو سکون میسر آئے گا۔

9تا16مارچ

آپ کی توجہ مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ زمین و جائیداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی یہ خواہش اس عرصے میں عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے بھی مدد ملے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو یہ فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ ساس ہیں تو آپ کے تعلقات اپنی بہو کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔

17تا24مارچ

سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے اور جائیں گے بھی۔ شادی بیاہ اور اسی طرح کی دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ رواں عرصے میں حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری نہ ہو سکیں گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہو جائے گا نیز کاروبار میں بہتری آئے گی۔ کاروبار کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔

25تا31مارچ

کوئی بھی پوزیشن آپ کو مختلف معاملاتِ زندگی میں کامیابی دلانے کا باعث بنے گی۔ گو کسی بڑی کامیابی کی توقع تو نہیں ہے تاہم پھر بھی اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ اس عرصے میں آرام و سکون کے حوالے سے توجہ گھر پر مرکوز ہو جائے گی۔ گھر میں گزارا گیا وقت آپ کو ذہنی اور قلبی سکون دے گا۔ کاروبار کرنے والوں کے کاروباری معاملات اُن کے لیے کافی اہم ہو جائیں گے۔ مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی خوشگوار ہو جائے گی۔ غیر شادی شدہ لوگوں کی بات چیت چلے گی۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے لیے یہ عرصہ کوئی خاطر خواہ نتائج لے کر نہیں آ رہا۔

سعد تاریخیں	8-13-18-27
نحس تاریخیں	1-22-23-29
لکی نمبر	4-9-6

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 مارچ

مکان یا سواری کی خرید و فروخت کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں، ڈیل مکمل نہ ہو سکے گی اور اگر ہو بھی گئی تو وہ شخص آپ کے ساتھ بے ایمانی کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو نقصان کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہو گا۔ صحت کے حوالے سے پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں آپ ذہنی اور جسمانی طور پر صحت یاب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بول چال بند رہے گی۔ بیرون ملک سفر کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ رواں دنوں میں کیا گیا سفر خوشگوار ثابت ہوگا اور اگر کسی خاص مقصد کے لیے سفر کرتے ہیں تو وہ مقصد بھی ضرور پورا ہوگا۔

9 تا 16 مارچ

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ آپ کے لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر آ رہی ہیں اور آپ کو اپنے مقصد میں بھی کامیابی مل جائے گی۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شراکتی کاروبار اور ساتھیوں کے ساتھ معاملات میں لاپرواہی اور بے توجہی اختیار نہ کریں۔ مستقبل کے کاروباری حالات اور معاملات کو مناسب طور پر چلانے کے لیے اس وقت پوری توانائی سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔

17 تا 24 مارچ

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے خاندان کے لوگوں سے بھی رابطہ ضرور کریں، ان کی طرف سے بھی کسی نہ کسی طرح کی مدد مل جائے گی۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق رہے گی۔ نیز اگر نتائج کو لے کر پریشان ہیں تو توقع ہے کہ اچھا رزلٹ آئے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ مالی حالات میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

25 تا 31 مارچ

آپ کا دھیان مذہب اور اعلیٰ تعلیم کی طرف رہے گا۔ مذہبی رسومات کو پورا کریں گے اور کوشش کریں گے کہ کسی نہ کسی طرح مذہب کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جان سکیں۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے تعلقات کافی محبت آمیز رہیں گے۔ اخراجات کی ایک بڑی مد ٹیلی فون کا بل بھی ہو سکتی ہے۔ لیکن آپ اس کو ہنسی خوشی ادا کر دیں گے۔ دوستوں کے ساتھ کہیں سیر و تفریح پر جانے کا موقع ملے گا۔ تحریر، تقریر اور لکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو گا۔ دفتری کام کے سلسلے میں سفر ممکن ہے۔ اس سفر سے آپ کے اپنے بھی ذاتی مفادات پورے ہو جائیں گے۔ دشمن آپ پر دباؤ ڈالیں گے۔ ان سے ڈرنے کی بجائے مقابلہ کریں۔

سعد تاریخیں	6-10-11-15-16
نحس تاریخیں	3-4-18-25-31

لکی نمبر	0-2-9

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9،6،5،1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 مارچ

کاروباری افراد کے کام میں کمی آئے گی۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والا منافع بھی کم رہے گا۔ بڑے بہن بھائیوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہے تو وہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔ سفر کے لیے جاتے ہیں تو اپنے سامان کے دھیان رکھیں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کو بول چال بند رہے گی۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر کھیلتے ہیں تو ان سے فائدہ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ماموں اور خالہ یا ان کے بچوں سے ملاقات ہوگی۔ زمین یا مکان کی خرید و فروخت کی کوشش کرتے ہیں تو بات پکی نہ ہو سکے گی۔ مزدوری کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔

9 تا 16 مارچ

صحت کے حوالے سے اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو یہ پریشانی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو کوشش سے وہ پریشانی دور ہو جائے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رویہ پیار محبت والا رہے گا۔ آپ کا اپنے یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ مقدمہ وغیرہ جیسے قانونی نوعیت کے مسئلہ کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

17تا24مارچ

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں نسبتاً بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے ہونے والے منافع میں بھی اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو ان سے نرمی سے پیش آئیں، آپ کا کام ہو جائے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ آپ کی اُمید کے مطابق حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی یا ذاتی زمین ہے تو اس سے حاصل ہونے والی آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش سے وہ حل ہو جائیں گے۔ معاشرے میں آپ کی عزت میں بہتری آئے گی۔

25تا31مارچ

میوزک اور شاعری کی کسی محفل میں جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ وہ افراد جنہوں نے کسی کو اُدھار دے رکھا ہے اور واپسی کا مقررہ وقت گزر چکا ہے تو رواں دنوں میں کوشش کریں، آپ کو اپنی رقم یا چیز جو دی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ آپ کو اپنی خواہشات اور تمناؤں کو پورا کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی، لیکن پھر بھی چند ایک خواہشات اور تمنائیں ہی پوری کر پائیں گے۔ سواری یا جائداد کی خرید و فروخت کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت سعد ثابت ہوگا آپ کو بیش قیمت اور بہتر چیز مل جائے گی۔ سیر و تفریح کے کافی پلان بنا دیں گے۔ لیکن چند ایک دفعہ ہی جانا ہو جائے گا۔ وہ افراد جو انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کے شوقین ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کھیلیں۔ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-8-13-22-23-31
نحس تاریخیں	20-27
لکی نمبر	4-3-8

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا8ماچ

مالی حالات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کو اپنی جمع پونجی استعمال کرنا پڑے گی۔ وراثتی معاملات بھی آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کا مسئلہ پیش آئے تو ان کو چاہیے کہ افسران سے رابطہ کریں وہ اس کا بہتر حل نکال دیں گے۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، حادثہ ہونے کا خدشہ ہے۔ یار دوستوں سے میل جول زیادہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ اگر امتحانی نتائج نکلتے ہیں تو وہ بھی بہت زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔ پچھلے کچھ دنوں میں اگر کوئی چیز گم ہوئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ ان کی طرف سے پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

9تا16مارچ

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ آپ کی خواہش کے مطابق حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں اُمید کے مطابق فائدہ نہ ہو سکے گا۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا، نیز آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کرتے نظر نہیں آ رہے۔ عمرہ یا زیارت کے لیے جانا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام

پُراعتماد گفتگو

ہر انسان کے لیے اس کو لاحق تکلیف ہی سب سے زیادہ دردناک ہوتی ہے۔ وہ جن کی زبان فرفر چلتی ہے شاید ان کے لیے یہ بات اہم نہ ہو لیکن جن پر کسی دوسرے سے بات کرنا یا اپنا مطلب بیان کرنا عذاب بن جاتا ہے ان کو اس تکلیف سے نجات کا راستہ ایک صورت میں مل سکتا ہے اور وہ ہے کامیابی اور دولت کے کوکب سے منسوب جواہر ''پکھراج''۔ لیکن صرف وہ پکھراج اس مرض میں مفید رہے گا جو اپنے اندر نیلے رنگ کی شعاعیں لیے ہوئے ہو۔ یعنی نیلا رنگ کھلا کھلا اور دیکھنے میں خوبصورت ہو، بند قسم کا مفید نہ ہے۔ بے رنگ یا دیگر رنگ کا پکھراج اس مقصد کے لیے کام نہ کرے گا۔

free copy
khalidrathore.com
Urtech Document Processing Solutions
03008442060

ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔

17 تا 24 مارچ

مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ اُستاد اور روحانی بزرگ سے ملاقات کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد تجارت کے سلسلے میں اندرونِ ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی، نیز ان سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام کے حل میں دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو ملتا نظر نہیں آ رہا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

25 تا 31 مارچ

خاندان کے لوگوں کے ساتھ بحث و مباحثہ اور تکرار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کاروبار میں مالی لحاظ سے فائدہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ عزت اور شہرت میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ چیزوں میں تبدیلی پسند کریں گے۔ تخلیقی سوچ کے حامل ہوں گے۔ وہ خواتین و حضرات جو شادی کی عمر کو پہنچ چکے ہیں، اس عرصہ کے دوران ان کا رشتہ طے ہونے کے امکانات ہیں۔ وہ میاں بیوی جن کے درمیان کسی وجہ سے ناچاقی تھی اس کو دور کرنے کا بہترین وقت ہے۔ آپ کے اخراجات دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح پر جانے کی وجہ سے ہوں گے۔ ملازم پیشہ لوگوں کے لیے یہ عرصہ بہتر ثابت ہوگا۔

سعد تاریخیں	6-10-11-15-16
نحس تاریخیں	1-22-23-29
لکی نمبر	3-7-8

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ز، ط
خوش قسمت اعداد	9،6،4،1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 مارچ

ساس اور شریکِ حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے موثر تاریخیں نہیں۔ اگر کاروبار کی شروعات کی گئی تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوگا۔ سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے نیز آپ کا مقصد بھی پورا ہو جائے گا۔ سفر کے دوران اگر آپ خود ڈرائیونگ کرتے ہیں تو حادثہ کا خدشہ ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ہوائی جہاز، ریل یا بس کے ذریعے مطلوبہ جگہ پر جائیں۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ عبادات کی طرف رجحان بڑھے گا۔ مالی معاملات کے حوالے سے دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمسایوں سے میل ملاقات ہوگی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ ان کو اپنے بڑے بہن بھائیوں سے تعلیم کے سلسلے میں بہتر مشورہ بھی ملتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ آپ کی اولاد اور شریکِ حیات کے درمیان ان بن تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ اُمید کے مطابق نہ ہو سکے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا اندازِ گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔

17 تا 24 مارچ

انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو ملتا نظر آ رہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں سے بھی رجوع کریں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ شریکِ حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ یار دوستوں سے میل ملاقات ہوگی اور نئے دوست بھی بنائیں گے۔

25 تا 31 مارچ

وہ لوگ جن کا مقدمہ چل رہا ہے، فیصلہ ہو جانے کی کافی اُمید ہے۔ باقی اگر اس وقت فیصلہ نہ ہوا تو معاملہ لٹک جائے گا۔ اپنے مزاج پر قابو رکھیں۔ غصہ اور جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں، ورنہ اس عرصہ میں ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے دشمنوں میں خود ہی اضافہ کریں۔ وہ لوگ جو کام کے سلسلے میں باہر جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس عرصہ میں ان کے راستے میں بہت سی رکاوٹیں آئیں گی۔ لیکن اگر آپ نے محنت کی تو انشاء اللہ ان رکاوٹوں کو دور کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ رواں دنوں میں آپ کو محتاط

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

رہنا اور احتیاط کرنا ہوگی، کیونکہ آپ کے دشمن بھی آپ کے خلاف کام کریں گے اور حادثہ ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	8-13-22-23-27
نحس تاریخیں	3-4-25-31
لکی نمبر	2-1-8

عقرب

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 مارچ

خفیہ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے اور آپ کے کاموں میں رکاوٹ بنتے نظر آ رہے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی سکون کے لیے آپ کو روحانی علاج کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کریں۔ گھریلو حالات خراب رہیں گے۔ ساس اور شریک حیات دونوں کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اولاد کو لے کر کسی قسم کی پریشانی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ مالی حالات میں بہتری محسوس نہ کر سکیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور سکون بھی میسر آئے گا۔

9 تا 16 مارچ

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اس دوران کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام کے حل میں چند ایک مشکلات کا سامنا ہوگا۔ لیکن اگر آپ اپنی کوشش کو جاری رکھیں تو کام حل ہو جائیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔

17 تا 24 مارچ

آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر خاندان کے دوسرے لوگوں سے ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے حضرات کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں کمی آئے گی۔

25 تا 31 مارچ

وہ لوگ جن کے ساتھ آپ کے کچھ معاملات حل طلب ہیں ان کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے یہ عرصہ بہترین ہے۔ اس ہفتہ میں آپ کو لوگوں سے اپنی بات منوانے میں نسبتاً آسانی ہوگی۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے آپ جلد بازی یا کاہلی کے تحت اپنا مالی نقصان کر بیٹھیں گے۔ زیادہ توقع یہ ہے کہ رقم کا آنا جانا لگا رہے گا۔ اس عرصہ کے دوران سفر کرتے ہوئے خصوصاً مختصر نوعیت کے ہوں، محتاط رہیں۔ دوران سفر یا پھر مشینری وغیرہ کی وجہ سے حادثہ ہو سکتا ہے۔ اس دوران کاروباری شریک کے ساتھ تلخ کلامی اور مالی امور پر بدمزگی ہوتی نظر آ رہی ہے۔ تعلیم کے حوالے سے مختلف نئے پلان بنائیں گے۔

سعد تاریخیں	10-11-15-16
نحس تاریخیں	13-27
لکی نمبر	2-6-5

اچھوتا پن

وہ لوگ جو کام میں نیا پن تلاش کرتے ہیں یا ان کا تعلق تخلیق و سوچ کے ساتھ ہے۔ ان کو نئے اور اچھوتے خیالات اور سوچ کو طاقت دینے کے لیے **اوپل** (نیلا) استعمال کرنا چاہیے۔ یہ فرد میں غیر معمولی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور بڑھنے میں مددگار اور معاون ثابت ہوتا ہے۔ ہر شعبہ حیات میں یہ استعمال ہو سکتا ہے۔

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 مارچ

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ لوگوں سے بہت زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں یہ آپ کے کام نہیں کریں گے۔ ظاہری اور خفیہ دشمن دونوں آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

9 تا 16 مارچ

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں وہ آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو اپنے بہن بھائیوں سے مدد لینا بھی فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے عین مطابق رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے لوگوں سے وابستہ اکثر کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا اور اگر ہو بھی گیا تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہو گا۔ آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ ورنہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

17 تا 24 مارچ

ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی ہو گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں کم خرچ کریں گے۔ قانونی نوعیت جیسے مسائل کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ اگر اس عرصے میں ہوتا ہے تو وہ آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہو گا۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہو گا، سیر و تفریح کے کافی پلان بنائیں گے۔ لیکن چند ایک دفعہ ہی جا سکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔

25 تا 31 مارچ

معاشرے میں عزت و وقار تھوڑا بڑھ جائے گا اور اس کے ساتھ ساتھ اس ماہ بیرونی مصروفیت بھی بڑھ جائے گی۔ اس بات کا امکان ہے کہ تھوڑے بہت اخراجات ذاتی نمود و نمائش کے لیے بھی کیے جائیں۔ صاحب حیثیت لوگ خاص کر خاندان سے تعلق رکھنے والے آپ کی مدد کو آ سکتے ہیں۔ اس عرصہ میں وہ افراد جن کی ترقی یا اضافہ تنخواہ وغیرہ متوقع تھا اس حوالے سے ان کو ایک حد تک کامیابی کی اُمید لگانی چاہیے۔ ایسے کاروباری افراد جو اپنے معاملات میں زیادہ تر ملازمین پر اعتبار کرتے ہیں۔ یہ ایسا وقت ہے جس میں ان کو محتاط رہنا ہو گا۔ بڑی رقم ملازم کے ہاتھ میں نہ دیں۔ چوری، فراڈ یا دھوکہ ہونے کا امکان ہے۔

سعد تاریخیں	3-4-13-18-27-31
نحس تاریخیں	1-20-29
لکی نمبر	9-0-2

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 مارچ

مالی حالات بہتر رہیں گے۔ سواری کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔ وہ افراد جو نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ قانونی مسائل کا شکار ہیں تو کوشش کرنے پر یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ سفر کے امکانات بھی ہیں۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر یہ کام میں بہتری کے حوالے سے نئی سکیمیں بنائیں تو نقصان اور پریشانی کم ہوگی۔ وہ افراد جو ملٹی نیشنل فرموں اور کمپنیوں میں نوکری حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، ان کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انٹر لیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ دشمنوں کی طرف سے کسی قسم کی پریشانی کا اندیشہ نہیں۔

9 تا 16 مارچ

آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ اپنے مالی حالات میں بہتری محسوس کریں گے۔ اگر کوئی شخص آپ کا مقروض ہے تو وہ رقم یا اشیاء واپس مل سکتی ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدن میں بھی اضافہ ہو گا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں یا تھے تو اس بیماری کی وجہ سے دوبارہ پریشانی کا سامنا ہو گا۔ آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بَن ہو گی۔ اندرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ آپکی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

17تا24مارچ

ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں کوئی تبدیلی نہ آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ معاشرے میں اور لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت پہلے کی طرح برقرار رہے گی۔

25تا31مارچ

مجموعی طور پر آپ کی توجہ چھوٹے بہن بھائیوں، عزیزوں اور رشتے داروں کی طرف ہوگی۔ دوسرے شہر سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ سفر کرنے کے دوران اخراجات زیادہ ہوں گے۔ اگر آپ کے عزیز و اقارب یا یار دوست بیرون ملک رہتے ہیں تو اچھی خبر موصول ہو سکتی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے دفتری کام کی طرف خاصی توجہ دینی ہوگی۔ ترقی یا تنخواہ میں اضافہ کی خواہش پوری ہونے کی توقع نہیں ہے۔ انعامی سکیموں، بانڈ نمبروں وغیرہ سے انعام متوقع ہے۔ لیکن یہ پیسہ کسی کام میں خرچ کرنے کی بجائے عیاشی میں ضائع کر دیں گے۔ موسیقی سننے کی طرف رجحان رہے گا اور متعدد فلمیں بھی دیکھیں گے۔

سعد تاریخیں	6-15-16
نحس تاریخیں	3-4-18-25-31
لکی نمبر	5-4-3

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا8مارچ

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ کسی کو رقم قرض دی ہوئی ہے تو اس کے واپس ملنے کے امکانات بن رہے ہیں۔ سفر کرنے سے گریز کریں، مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ حادثہ کا بھی خدشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری کی طرف رجحان بڑھے گا، نیز کامیابی ملنے کی توقع بھی ہے۔ مالک مکان سے مکان کی مرمت یا کرایہ کا مسئلہ چل رہا ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ لڑائی جھگڑے کریں گے۔ دشمنوں میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح نہ ہوگی۔ یہ کتابیں پڑھنے میں تھکاوٹ محسوس کریں گے۔ خواہشات کو پورے کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے، نیز اس حوالے سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔

9تا16مارچ

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ غیر ضروری فضول اخراجات میں کمی ہوگی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری، میچ وغیرہ ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ لالچ نہ کریں ورنہ جیتی ہوئی رقم بھی ہاتھ سے چلی جائے گی۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات استوار ہوں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ پوری طرح آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہوگی، لیکن جلد صلح بھی ہو جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کاموں کے حل میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔

17تا24مارچ

آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے

جذبات میں توازن

کیا آپ محسوس کرتے ہیں آپ کے جذبات میں بے توازنی اور بے قابو پن کا اثر رہتا ہے اور اس میں کسی نہ کسی درجے کی شدت پیدا ہو جاتی ہے تو پھر ایک ایسا موتی جو وزن میں کم و بیش سات کیرٹ کے وزن کا حامل ہو مفید ثابت ہوگا۔ ہاں اگر جیب اجازت دیتی ہو تو زیادہ وزن کا **موتی** استعمال کریں تاکہ اس کی معدنیاتی اور جواہراتی شعاعیں زیادہ طاقت ور اور موثر انداز میں فرد پر اپنے اثرات ظاہر کر سکیں۔ عام نفسیاتی اور جذباتی امور کے حل کے لیے بھی یہ لاجواب اور موثر ترین جواہر ہے۔ عملی تجربہ ہی آپ کو اس کے اثرات سے حقیقی معنی میں متعارف کروا سکتا ہے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔

25 تا 31 مارچ

مجموعی طور پر آپ کی توجہ سیر و تفریح کی طرف رہے گی۔ ایسے پروگرام دیکھنے کا اتفاق ہوگا جس میں موسیقی وغیرہ ہوگی۔ اچانک روپے ملنے کے چانسز ہیں۔ اگر کسی دوست سے روپے اُدھار مانگیں گے تو مل سکیں گے اور اگر آپ نے کسی دوست کو روپے بطور قرض دیئے ہوئے ہیں تو طلب کرنے پر ملنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ نئے لوگوں سے بھی رابطہ ہوگا، جو آپ کے لیے خوشی کا سبب بنیں گے۔ آپ کے اندازِ گفتگو سے متاثر ہو کر یہ لوگ آپ کے دوست بنیں گے۔ مشروبات کا استعمال زیادہ کریں گے۔ طوالت بیماری کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شادی بیاہ اور تقریبات کی دعوت ملے گی، لیکن جا نہ پائیں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-18-22-23-31
نحس تاریخیں	20-25
لکی نمبر	1-4-5

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون
منسوبی حروف	ج، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 مارچ

قانونی معاملات اور وراثتی معاملات مزید پیچیدگیاں لیتے نظر آئیں گے۔ اگر قانونی مقدمات کا حل نکلا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ غیر ضروری گفتگو سے باز رہیں، کیونکہ آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نکل سکتے ہیں جو آپ کو لوگوں کی نظر میں بُرا بنا دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کا کام چلتا رہے گا، لیکن ان کے لیے بہتر ہے کہ نئی سکیمیں بنائیں جس کے ذریعے ان کی دکانداری بڑھے گی۔ خاندان کے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں اور حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

9 تا 16 مارچ

بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، لیکن چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بن رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، لیکن مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو ملتا نظر آ رہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے یار دستوں اور بہن بھائیوں سے رابطہ کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

17 تا 24 مارچ

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو رواں عرصے میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں، آپ کا کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں عرصے میں فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ آپ کے اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کا اندازِ گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا، جس کی وجہ سے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں۔ آپ کا کامیابی مل جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

25 تا 31 مارچ

یہ عرصہ کام اور کاروبار میں رکاوٹیں لائے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ ایک اچھی آفر محض اس لیے رد کر دیں کہ آپ ذہنی طور پر پُرسکون نہیں تھے۔ گھریلو ماحول کی طرف توجہ رہے گی۔ اس کے علاوہ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ گھر، جائیداد یا سواری کی خریدنے کے لیے یہ وقت مناسب نہیں ہے، آپ کو اپنی خواہش کی چیز ملنے کے امکانات کم ہیں۔ یار دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر گپ شپ لگائیں گے۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی اُمید پیدا ہوگی۔ اعلیٰ افسران اور حیثیت والے لوگوں کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	6-10-11
نحس تاریخیں	1-22-23-29
لکی نمبر	1-2-5

☆☆☆☆☆

خرابی جگر

جگر کے امراض سے صحت پانے اور جسم سے زہریلے مادے خارج کرنے کے لیے گارنٹ کو انگوٹھی یا لاکٹ کی شکل میں استعمال کیا جائے تو باعث صحت ہے۔ طاق تعداد میں استعمال کرنا زیادہ بہتر نتائج لائے گا یعنی تین پانچ یا سات۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

اس طریقہ کار میں نقش کا کوئی ایک خانہ خالی ہوتا ہے۔ نقش مربع کا وفق افقی عمودی اور وتری لحاظ سے 30 ہوتا ہے۔ جبکہ نقش مربع معروف کا وفق 34 ہوتا ہے اور اس کا نقش ذوالکتابت بھی وفق 34 میں تیار ہوتا ہے۔

پیارے قارئین کرام۔ اسلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ۔ مضمون ہذا مشہور و معروف عامل جفار جناب حضرت سید تنویر عصری صاحب مد اقبالہ و دامت فیوضکم کے نام کرتا ہوں۔ یہ فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش اس مرتبہ سردیوں کی چھٹیوں میں راولپنڈی میں اپنے خاص دوست جناب تنویر احمد صاحب ساکن بابو محلہ خاص صدر شہر راولپنڈی کو ملنے گیا۔ تو میں نے موبائیل فون پر جناب تنویر عصری صاحب سے رابطہ کیا۔ اس رابطہ میں جناب تنویر عصری صاحب نے ملاقات کرنے کا فرمایا۔ چنانچہ کامران چوک کے نزدیک ایک چھوٹے سے ہوٹل میں ملاقات ہوئی۔ وہاں بیٹھ کر آپ نے ایک نقش اسم القوی کے بارے میں فرمایا کہ چند دوست اس نقش کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ آپ ذرا راہنمائی فرمائیں۔ چنانچہ آپ نے اپنی جیب سے ایک تراشا فوٹو اسٹیٹ کی شکل میں دکھایا۔ جو کسی رسالہ غالباً قوی امکانات کے ساتھ رسالہ روحانی دنیا کا تھا۔ میں نے ادباً دریافت نہ کیا کہ یہ تراشا کہاں سے لائے ہیں۔ یا کسی کتاب یا کسی رسالہ سے ہے۔ جسے میں نے قبول کر کے پڑھا۔ جس میں نقش کے ہمراہ اس کی چال ہدایت کے لیے درج تھی۔ نقش کے لکھنے کا وقت یہ درج تھا کہ اسے اس وقت لکھیں جب مریخ برج عقرب میں داخل ہو۔ اور قمر برج اسد میں داخل ہو۔ نقش کے فوائد میں غالباً درج تھا کہ جس کی جسمانی قوت میں اس قدر اضافہ کرے کہ دنیا حیران ہو جائے۔ ذکر مبالغہ کی حد تک تھا۔

۷	۱۰	۱۳	۰
۱۲	۱	۶	۱۱
۲	۱۵	۸	۵
۹	۴	۳	۱۴

ی	و	ق	۰
۳۰	۲۶	۸	۳۲
۲۵	۵۷	۵	۲۹
۵۱	۷	۳	۵۵

جناب تنویر عصری صاحب اس نقش کو میرے حوالے کر کے باہر چلے گئے اور اپنی سواری سے ایک ڈائری سال نو 2014 کی اور دیوار پر آویزاں کرنے والا سال نو 2014ء کا کیلنڈر مورخہ 29 دسمبر 2013 بروز اتوار بوقت 19 بجکر 24 منٹ پر اٹھا کر مجھے عطا فرمایا۔ یہ بندہ احقر العباد فضل محمود نقاش نے بصد خوش قبول کیا اور شکریہ ادا کیا۔ اس دوران میں نے حضرت صاحب سے عرض کیا کہ جناب اس نقش میں کیا مسئلہ اور مشکل درپیش ہے تو آپ نے فرمایا کہ یہ نقش جو دیا گیا ہے وہ نہ تو دی گئی چال کے مطابق پورا اترتا ہے اور نہ ہی نقش مربع کی معروف چال کے مطابق پورا اترتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے مضمون نگار نے محض (تک بندی) سے نقش کے اعداد پورے کر دیئے۔ نقش بے ترتیب اور بدترتیب معلوم ہوتا ہے۔ محض تکا اور ذہنی اختراع سے نقش کو پورا کر کے شائع کروا دیا گیا ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶

free copy
khalidrathore.com
LumaTech Document Processing Solutions
03008442060

۱۵	۴	۵	۱۰

چنانچہ میں نے حضرت صاحب کی بات کو غور سے سنا اور یہ سمجھا کہ حضرت صاحب دراصل نقش اسم قوی کو ذوالکتابت کا طریقہ ترفع تنزل سے دیکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ وہ لکھ کر آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔

۰	ق	و	ی
۷	۹	۱	۹۹
۸	۴	۱۰۲	۲
۱۰۱	۳	۷	۵

آپ نے غور سے دیکھا تو پھر فرمایا کہ یہ تو پہلے نقش کی طرح کا ہے۔ شاید وہ اعدادی نقش اس طرح دیکھنا چاہتے تھے جیسا کہ نقش مربع کا وفق (۳۴) ہوتا ہے۔ میں نے عرض کیا حضور جو نقش کے ہمراہ ہدایت کی چال ہے۔

۲۱	۳۵	۳۲	۲۸
۳۳	۲۷	۲۲	۳۴
۲۶	۳۰	۳۷	۲۳
۳۶	۲۴	۲۵	۳۱

۱۴	۴۰	۳۴	۲۸
۳۶	۲۶	۱۶	۳۸
۲۴	۳۰	۴۴	۱۸
۴۲	۲۰	۲۲	۳۲

چشمہ طلسم

یہ کتاب 1922 میں شائع ہوگئی تھی۔ اس کتاب کے مصنف عامل رام پرشاد ہیں۔ یہ کتاب عملیاتی عجائبات و اعمال مطیع، امساک وباہ کا علاج، تیاری خزاب، دفع موذی جانور، طلسمات و شعبدات، غائب ہونے کے اعمال۔ انسان کے مختلف شکلوں کے نظر آنے کے اعمال اور بعض وعداوت کے منتروں پر مشتمل ہے۔ ایک نہایت ہی قدیم اور نایاب کتاب جو بقول مصنف مرنے سے پہلے ایک یادگار چھوڑنے کے لیے تحریر کی گئی۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)۔

جس میں پہلا خانہ خالی ہے وہ دراصل (۳۰) کا قانون ہے۔ اس کا قاعدہ بالکل الگ ہے۔ اس کا قاعدہ معروف نقش مربع سے مطلق کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے۔ اگر آپ کو میرا بنایا ہوا نقش ذوالکتابت بطریق ترفع تنزل پسند نہیں آیا تو آپ اسی نقش شائع شدہ کو اسی طرح قبول فرمالیں۔ یہ بالکل درست ہے۔ جبکہ میں نے اس کی چال فی الحال نہ سمجھائی۔ لیکن اس میں مشکل یہ تھی اور اب بھی ہے اس نقش کے لکھنے کی کوئی چال نہ ہے۔ جس سے اکثر لوگ واقف ہوں۔ اس طرح کے نقوش لکھنے کی ایک مخصوص چال ہے۔ جو ایک قاعدہ اور کلیہ کے تحت ہے۔ اس میں نقش مربع کے سولہ خانوں کو افقی سطح پر گنا جاتا ہے۔ ہر سطر کو ایک ضلع سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ گویا کہ چار ضلعی افقی ہوئے تو پھر چار ضلعے عمودی ہوئے۔ افقی پہلے ضلع میں (۱،۲،۳،۴) کے ہندسے ہوتے ہیں۔ دوسرے افقی ضلع میں (۵،۶،۷،۸) ہوتے ہیں۔ تیسرے افقی ضلع میں (۹،۱۰،۱۱،۱۲) ہوتے ہیں۔

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

نظر بد

نظر کسی بھی کو لگتی ہو بڑا ہو یا چھوٹا مرد ہو یا عورت بدنظر کے علاج کے لیے کالا عقیق استعمال کروائیں۔ نظر بد وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ عقیق گو سستا پتھر ہے لیکن اصل کالا عقیق نسبتاً کم یاب ہونے کی وجہ سے عام عقیق سے مہنگا ہوتا ہے۔

چوتھے افقی ضلعے میں (۱۳،۱۴،۱۵،۱۶) کے ہندسے/ اعداد ہوتے ہیں۔ اسی طرح پہلے عمودی ضلع میں (۱،۵،۹،۱۳) کے ہندسے ہوتے ہیں۔ جو اربعہ عنصری قاعدہ کے مطابق آتشی اعداد ہیں۔ دوسرے عمودی ضلع میں (۲،۶،۱۰،۱۴) کے ہندسے ہوتے ہیں۔ جو بادی اعداد ہیں۔ تیسرے عمودی ضلع میں (۳،۷،۱۱،۱۵) کے ہندسے ہوتے ہیں۔ جو آبی اعداد ہیں۔ چوتھے عمودی ضلع میں (۴،۸،۱۲،۱۶) کے ہندسے ہوتے ہیں جو کہ خاکی ہندسے یا اعداد شمار ہوتے ہیں۔ اس طرح اس نقش کا بیرونہ (۱،۲،۳،۴،۸،۱۲،۱۶،۱۵،۱۴،۱۳،۹،۵) کے اعداد یا خانوں پر مشتمل ہے۔ اور اندرونہ (۶،۷،۱۱،۱۰) کے اعداد یا خانوں پر مشتمل ہے۔ وتر اول میں (۱،۶،۱۱،۱۶) کے ہندسے ہیں یا خانے ہیں۔ اور وتر ثانی میں (۴،۷،۱۰،۱۳) ہندسے یا خانے شامل ہیں۔ اس نقش کی اساس افقی ضلع اول پر ہے۔ جس میں (۱،۲،۳،۴) اعداد ہیں۔ جو اربعہ عناصر کے نمائندے بھی ہیں۔ ان چاروں اعداد میں (۱،۴) کو بیرونہ اعداد اور (۲،۳) کو اندرونہ اعداد کہا جاتا ہے۔ جبکہ (۱،۲)

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions 03008442060

کو دائیں یا ایمن اعداد کہا جاتا ہے۔ اور (۳'۴) کو بائیں یا الیسر اعداد کہا جاتا ہے۔ یعنی خانہ جات نمبر ۱'۲ کو جنوبی اور خانہ جات نمبر ۳'۴ کو شمالی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ نقش کا ضلع اول مشرق کی سمت اور ضلع چہارم مغرب کی سمت شمار ہوتا ہے۔ اسی قانون پر نقش مثلث وضع کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس نقش میں سطر اول یا ضلع اول افقی نے سطر آخر یا ضلع چہارم سب سے پہلے وجود میں آتا ہے۔ اس چوتھے ضلع میں (۱۳'۱۶) اہم اعداد ہیں۔ جو خانہ اول (۱) اور خانہ چہارم (۴) کی مدد کرتے ہیں۔ سطر اول/ضلع اول کے (۱'۴) سطر آخر/ضلع چہارم کے (۱۳اور۱۶) کو نقش کے اوتادی اعداد کہا جاتا ہے۔ انہیں اوتادی اعداد سے وتری ضلع پوری ہوتے ہیں۔ پہلے دو اوتادی اعداد (۱'۴) یا ضلع اول کی بیرونہ اعداد سے ضلع چہارم کے دو اندرونہ خانہ خانہ نمبر ۱۴'۱۵ پُر ہوتے ہیں۔ اور ضلع اول کے اندرونہ اعداد (۲'۳) سے ضلع چہارم کے دونوں اوتادی خانے (۱۳'۱۶) پُر ہوتے ہیں۔ یہی قاعدہ پھر یمین و یسار سے ہوتا ہے۔ اس طرح یہ نقش پُر ہوتا ہے۔ اس نقش کی پہلی سطر یا پہلے ضلع کے چاروں خانے پُر ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کے لیے چند نقوش (نقاش) کے نام پر پُر کر کے دکھاتے ہیں۔ شاید آپ بھی اسی انداز کی (تک بندی) کر سکیں۔ ویسے بھی لفظ (نقاش) کے اعداد اور لفظ (ایک تک) کے اعداد (۴۵۱) برابر ہوتے ہیں۔ آیئے آپ کو نقش نقاش وضع کر کے بتاتے ہیں کہ کس طرح نقاش کا نقش بنتا ہے۔ ذیل میں چند نقوش دیئے گئے ہیں۔ یہ سب نقاش کے نقوش ہیں۔ ہر نقش میں اختلاف ہے۔ اور ہر نقش میں کچھ نہ کچھ مماثلت ہے۔ ایسے کئی نقوش بن سکتے ہیں۔

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۴	۹۱	۱۶۹	۱۷۷
۸۸	۱۸۳	۰۸	۱۷۲
۴۹	۱۷۶	۱۷۴	۵۲

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۶	۸۹	۱۶۹	۱۷۷
۸۶	۱۸۳	۱۰	۱۷۲
۴۹	۱۷۸	۱۷۲	۵۲

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۷	۳۴	۱۰۲	۲۹۸
۷۳	۲۳۸	۷۷	۶۳
۶۱	۱۷۸	۱۷۲	۴۰

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۸	۲۷۲	۱۲۹	۳۲
۶۳	۰۲	۴۸	۳۳۸
۷۰	۱۷۶	۱۷۴	۳۱

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۲	۹۱	۱۷۱	۱۷۷
۹۰	۱۸۱	۰۸	۱۷۲
۴۹	۱۷۸	۱۷۲	۵۲

ش	ا	ق	ن
۲۰۰	۱	۱۰۰	۵۰
۱۵	۳۶	۱۰۲	۲۹۸
۷۵	۲۳۸	۷۵	۶۳
۶۱	۱۷۶	۱۷۴	۴۰

اور آپ مزید غور کریں تو ان نقوش میں اسماء الحسنٰی میں سے چند اسماء مبارک پوشیدہ ملیں گے۔ دیکھئے کیا سا میں رحمٰن' وہاب' لطیف' حلیم' جلیل' حی' واجد' ماجد' معطی' صبور وغیرہ پوشیدہ ہیں۔ اگر صرف حروف کی شکل میں دیکھنا چاہیں تو حروف میں سے چند حروف (ب'ح'ی'م'ع'ص) بھی آپ کو پوشیدہ نظر آئیں گے۔ پھر موکلات میں سے طاطائیل' لومائیل' اھجمائیل' حولائیل وغیرہ موجود ہیں۔ اور خاص بات یہ ہے کہ ان میں سے ایک نقش میں (محبوبہ' زرینہ) کے اعداد بھی موجود اور مسطور یا مستور ہیں۔ آپ بھی ایسے نقوش وضع کر کے ان میں آیات قرآنی' اسماء الحسنٰی' حروف' موکلات کو پوشیدہ کر سکتے ہیں یا پھر کسی کا نام بھی پوشیدہ کر سکتے ہیں۔ درج بالا نقوش میں ایک اسم ہے۔ جس کو مختلف انداز میں وضع کیا گیا ہے۔ مگر سطر اول کو قائم رکھا گیا ہے۔ جو کہ سطر اول/ضلع اول میں بسیط ہے۔ حروف کو آپ بسیط کر کے بساط پھیلا کر خود فاعل باسط ہو جائیں۔ اس طرح بسط حالت میں آپ چار انداز میں اس طرح کے نقوش واضح کر سکتے ہیں۔ اسم باسط کا نقش کتابوں میں مرقوم ملتا ہے۔

ط	س	ب	ی
۹۰	۶۰	۰۲	۱۰

ط	ی	س	ب
۹۰	۱۰	۶۰	۲۰

ط	ا	س	ب
۹	۱	۶۰	۲

ط	س	ا	ب
۹	۶۰	۱	۲

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

۱۹	۰۶	۳۸	۱۸
۲۷	۰۷	۳۰	۱۷
۲۶	۰۸	۱۱	۳۶

۲۳	۳۱	۰۸	۱۹
۱۳	۳۵	۰۷	۲۶
۳۶	۰۵	۶۰	۳۴

۱۰	۳۳	۰۴	۲۵
۱۹	۳۲	۰۳	۱۸
۳۴	۰۶	۰۵	۲۷

۱۹	۳۰	۳۲	۱۸
۱۰	۴۰	۳۳	۲۵
۳۴	۰۵	۰۶	۲۷

ان چاروں نقوش میں سطر اول/ضلع اول کے حروف میں اختلاف کر کے گویا ایک قسم کی مشق کی گئی ہے۔ اب ایک اور مشق کرتے ہیں۔ جس میں ایک خانہ خالی ہو جائے۔ اس مشق میں ایسا ممکن ہے کہ دوسرے، تیسرے اور چوتھے ضلع میں سے کوئی ایک خانہ خالی کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ سطر اول/ضلع اول میں تو ہر صورت میں چار حروف بسیط کر کے لکھنا لازمی اور ضروری ہے۔ جیسا کہ آپ کے سامنے نقاش کا نقش پیش کیا گیا ہے۔

ش ۳۰۰	ا ۱	ق ۱۰۰	ن ۵۰
۱۱۹	۱۰۲	۱۷۷	۵۳
۹۰	۱۷۲	۰۰	۲۹۹
۵۲	۱۷۶	۱۷۴	۴۹

کشش کے لیے

وہ جو محسوس کرتے ہیں کہ جنس مخالف ان میں دلچسپی نہیں لیتی یا توجہ کی کمی ہے یا ان میں جذبیت، کشش یا دل کشی کے حوالے سے کمی پائی جاتی ہے تو اس مسئلہ کے حل کے لیے مون سٹون کا استعمال کریں۔ یہ مرد ہو یا عورت اس میں ایک خاص قسم کی کشش جذبی کیفیت پیدا کرتا ہے۔

اگرچہ پہلے پیش کردہ نقوش سے کافی مماثل ہے۔ اگر سطر اول/ضلع اول کے چار خانوں میں کوئی تین خانے مسلسل پُر کر لیں۔ خواہ پہلا خانہ چھوڑ دیں یا آخری چوتھا خانہ چھوڑ دیں تو یہ ایک اور قسم کی مشق ہو جائے گی۔ اس مشق کو کرنے کے لیے فضل کا نقش وضع کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

۰ ۰	ل ۳۰	ض ۸۰۰	ف ۸۰
۲۶۳	۵۵۵	ودود	باطن
بدیع	رحیم	۷۶	فتاح
متعالی	وکیل	وہاب	۲۷۹

۰ ۰	ل ۳۰	ض ۸۰۰	ف ۸۰
۲۰۹	۶۲۰	۶۱	ودود
۴۲۲	رحمٰن	۳۱	رحیم
۲۷۹	حمید	حیی	متعالی

ل ۳۰	ض ۸۰۰	ف ۸۰	۰ ۰
۳۳	باطن	۲۷	۷۸۸
۱	اول	۷۸۴	حلیم
موخر	ھو	واحد	۳۴

ل ۳۰	ض ۸۰۰	ف ۸۰	۰ ۰
۲۵	س	۲۷	۷۹۸
ط	اول	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	حکیم
موخر	احد	۱۷	۳۴

اگر آپ کو فضل کا نقش سمجھ میں آ گیا ہے تو پھر آپ کو اسم قوی کے نقوش پر مشق کراتے ہیں۔ ذیل میں نمونہ کے طور پر پہلے نقش اسم (قوی) سے دو نقش مزید پُر کیے ہیں۔

ی ۱۰	و ۰۶	ق ۱۰۰	۰
۳۰	۴۵	۰۹	۳۲
۲۶	۵۷	۰۵	۲۸
۵۰	۰۸	۲۰	۵۶

ی ۱۰	و ۰۶	ق ۱۰۰	۰
۳۶	۴۱	۰۷	۳۲
۲۱	۶۰	۰۸	۲۷
۴۹	۰۹	۰۱	۵۷

دلیری اور بہادری

آپ میں یا آپ کے بچہ میں چاہے لڑکا ہو یا لڑکی یا کسی اور فرد میں دلیری اور بہادری کی کمی ہے تو اس کو بلڈ سٹون استعمال کروائیں۔ دماغ سے خوف دور ہو گا۔ یہ پتھر گو زیادہ قیمتی نہیں لیکن ہے کم یاب، توجہ سے خریدیں۔

ان چوتھے ضلع میں اعداد کو مسلسل اضافہ کر کے پُر کیا ہے۔ تاکہ دلچسپی کا ایک خاص انداز پیدا ہو جائے۔ اور مشق کا ایک نیا طریقہ کار سے آپ واقف کار ہو جائیں۔ اور نقش اسم (قوی) کی دوسری دلچسپ مشق کریں۔ جس میں چوتھا خانہ خالی ہے۔ حرف (ق) کے لیے تین اعداد (۱‘۴‘۱۱)‘ (۲۰‘۵‘۹)‘ (۳‘۵‘۸)‘ (۲‘۴‘۱۰)‘ (۱‘۲‘۱۳)‘ (۱‘۷‘۸) (۲‘۳‘۱۱)‘ (۱‘۳‘۱۲) اور دو اعداد (۱‘۱۵)‘ (۲‘۱۴)‘ (۳‘۱۳)‘ (۴‘۱۲)‘ (۵‘۱۱)‘ (۶‘۱۰)‘ (۷‘۹) ہیں۔ اگر ان اعداد کی مدد سے مشق کی جائے تو حرف (ق) سر حرف اسم قوی سے ایک سو نقوش تیار ہو سکتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۵	۰۸	۵۴	۴۹
۰۲	۵۳	۰۱	۶۰
۰۹	۴۹	۵۱	۰۷

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۴	۰۳	۴۷	۶۲
۰۲	۵۹	۰۷	۴۸
۱۰	۴۸	۵۲	۶۰

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۳	۰۷	۴۹	۵۷
۰۲	۵۶	۰۴	۵۴
۱۱	۴۷	۵۳	۰۵

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۳	۰۷	۴۷	۵۹
۰۱	۵۷	۰۵	۵۳
۱۲	۴۶	۵۴	۰۴

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۲	۰۸	۴۶	۶۰
۱۰	۵۷	۰۵	۵۳
۱۳	۴۵	۵۵	۰۳

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰۸	۰۳	۴۶	۵۹
۰۱	۶۳	۰۴	۴۸
۰۷	۴۴	۵۶	۰۹

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰	۰۷	۴۵	۴۹
۰۱	۵۹	۰۹	۴۷
۱۵	۴۴	۵۷	۰

ق	و	ی	
۱۰۰	۰۶	۱۰	۰
۰	۰۷	۳۹	۷۰
۰	۶۱	۹۰	۴۶
۱۶	۴۲	۵۸	۰

ان نقوش میں کچھ قابل اعتراض نقوش بھی ہیں۔ جو غلط تو نہیں۔ البتہ ناقص شمار ہوں گے۔ ان میں پہلا نقص یہ ہے کہ نقش میں کوئی عدد تکرار میں/ بار بار نہ آئے۔ اگر چہ کچھ حضرات کے نزدیک نقص نہ ہے۔ لیکن میرے نزدیک نقص ہے۔ جن کے نزدیک نقص نہیں ہے۔ ان کے نزدیک ایسے ہے جیسے کوئی دو خانے خالی ہوں۔ ایسے نقوش میں ایک، دو، تین اور چار خانے خالی ہوسکتے ہیں۔ ان میں چند مثالوں کے لیے نقوش شامل ہیں۔ جبکہ میرے نزدیک تین خانوں کا خالی ہونا نقص ہوسکتا ہے۔ اگر اس بات کو شمار کیا جائے اور اگر شمار نہ کیا جائے تو یہ تین حروف کے بالمقابل خالی خانے وجود میں آ جاتے ہیں۔ اس نقش کو اگر اربعہ عنصری ترتیب سے لکھنا مقصود ہو تو اس کی چال کچھ اور ہے وہ یہ کہ جس عنصر سے لکھیں گے۔ وہی خانہ خالی ہوگا۔ باقی خانوں کو پُر کیا جائے گا اور پھر ان نقوش کو لکھنے کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ سیدھا لکھنا' دوسرا طریقہ الٹا لکھنا ہے۔

۰	ق	و	ی
۳۲	۸	۴۶	۳۰
۲۹	۵	۵۷	۲۵
۵۵	۳	۷	۵۱

۰	ی	و	ق
۵۵	۵۱	۷	۳
۲۹	۲۵	۵۷	۵
۳۲	۳۰	۴۶	۸

ق	و	ی	۰
۸	۴۶	۳۰	۳۲
۵	۵۷	۲۵	۲۹
۳	۷	۵۱	۵۵

ی	و	ق	۰
۵۱	۷	۳	۵۵
۲۵	۵۷	۵	۲۹
۳۰	۴۶	۸	۳۲

ان چار نقوش میں سیدھا اور الٹ اسم القوی لکھا گیا ہے۔ منسوب و مقلوب جو تاثیر ہوگی۔ وہ سو ہوگی۔ سیدھا اسم لکھنا زیادہ مناسب اور درست ہے۔ جبکہ الٹا لکھنا اگر گناہ ہے تو درست ہے۔ اگر گناہ نہیں ہے تو مناسب بھی نہیں ہے۔

چنانچہ اس طرح نقش کے چاروں کونے جو اوتادی خانے کہلاتے ہیں۔ یعنی (۱'۴'۱۳'۱۶) یا بمطابق چال نقش مربع معروف (۱'۸'۱۵'۱۰) سے سیدھا لکھا جاسکتا ہے اور الٹا بھی لکھا جاسکتا ہے۔ پہلا طریقہ افقی سطر اول یعنی ضلع اول کا پہلا خانہ اور چوتھا خانہ اور سطر آخر یعنی ضلع چہارم کا پہلا خانہ یعنی خانہ نمبر ۱۳ اور چوتھا خانہ یعنی خانہ نمبر ۱۶ سے لکھا جاتا ہے۔ دوسرا طریقہ عمودی ہے جس میں ضلع اول کا پہلا خانہ خانہ نمبر ۱ اور ضلع چہارم کا پہلا خانہ خانہ نمبر ۱۳ آتا ہے۔ عمودی طریقہ کے دوسرے حصہ کا چوتھا خانہ ضلع اول کا خانہ نمبر ۴ اور چوتھا خانہ خانہ نمبر ۱۶ چوتھے ضلعے کا ہے۔ یعنی اسے افقی و عمودی طریقہ کار کہا جاسکتا ہے۔ کیونکہ دونوں میں مماثلت اور یکسانیت پیدا ہو جاتی ہے۔ تیسرا طریقہ وتری ہے۔ جس ضلع اول کا پہلا خانہ یعنی خانہ نمبر ۱ اور ضلع چہارم کا چوتھا خانہ یعنی خانہ نمبر ۱۶ شامل ہوتا ہے۔ پھر ضلع اول کا چوتھا خانہ یعنی خانہ نمبر ۴ اور ضلع چہارم کا پہلا خانہ یعنی خانہ نمبر ۱۳ شامل ہوتا ہے۔ اسے نقش مربع معروف کے چاروں کونوں کے موافق کر کے آتشی' خاکی' بادی اور آبی میں شمار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس طریقہ کار میں اربعہ عناصر کے سارے خانے عمودی طور پر ایک ہی ضلع میں آ جاتے ہیں۔ ذیل کے نقوش اربعہ عنصری چال کے مطابق درج ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

ی۱۰	و۶	ق۱۰۰	۰آتشی
۳۰	۴۶	۸	۳۲
۲۵	۵۷	۵	۲۹
۵۱	۷	۳	۵۵

۵۱	۷	۳	۵۵
۲۵	۵۷	۵	۲۹
۳۰	۴۶	۸	۳۲
۱۰ای	۶و	۱۰۰ق	۰آبی

۵۵	۲۹	۳۲	۰آتشی
۳	۵	۸	ق۱۰۰
۷	۵۷	۴۶	و ۶
۵۲	۲۵	۳۰	ی ۱۰

۵۱	۲۵	۳۰	ی۱۰
۷	۵۷	۴۶	و۶
۳	۵	۸	ق۱۰۰
۵۵	۲۹	۳۲	۰آبی

۰خاکی	ق۱۰۰	و۶	ی۱۰
۳۲	۸	۴۶	۳۰
۲۹	۵	۵۷	۲۵
۵۵	۳	۷	۰۱

۵۵	۳	۷	۵۱
۲۹	۵	۵۷	۲۵
۳۲	۸	۴۶	۳۰
بادی۰	ق	و	ی

۰خاکی	۳۲	۲۹	۵۵
ق	۸	۵	۳
و	۴۶	۵۷	۷
ی	۳۰	۲۵	۰۱

۱۰ای	۳۰	۲۵	۵۱
۶و	۴۶	۵۷	۷
۱۰۰ق	۸	۵	۳
بادی۰	۳۲	۲۹	۵۵

ضلع اول افقی اور عمودی سے اور ضلع چہارم افقی اور عمودی سے جو نقوش ان کے درمیانی خانوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔اس میں نقص آجاتا ہے۔

		۰	۱۱
۵	۸	ق	۳
	۴	و	
۱		ی	

۱۱	۰		
۸	ق	۳	۵
	و	۴	
	ی		۱

۱		ی	
	۴	و	
۵	۸	ق	۳
		۰	۱۱

	ی		۱
	و	۴	
۸	ق	۳	۵
۱۱	۰		

		۳	۱۱
ی	و	ق	۰
	۴	۸	
۱		۵	

۱		۵	
	۴	۳	
ی	و	ق	۰
		۸	۱۱

۱۱	۳	۰	
۰	ق	و	ی
	۸	۴	
	۵		۱

	۵		۱
	۳	۴	
۰	ق	و	ی
۱۱	۸		

اگر ضلع اول اور ضلع چہارم کے دو درمیانی خانے افقی انداز میں اور ضلع اول اور ضلع چہارم کے دو درمیانی خانے عمودی انداز میں پُر کیے جائیں تو نقوش درست وضع ہو جاتے ہیں۔لیکن سابقہ نقش والے اعداد تبدیل ہو جاتے ہیں۔یعنی سابقہ اساسی نقش کے تقریباً آدھے اعداد تبدیل ہونے چاہئیں۔

و	ق	۰	ی
۲۷	۸	۵۳	۲۸
۳۲	۵	۵۰	۲۹
۵۱	۳	۱۳	۴۹

ق	۰	ی	و
۸	۵۳	۲۸	۲۷
۵	۵۰	۲۹	۳۲
۳	۱۳	۴۹	۵۱

و	ی	۰	ق
۲۷	۲۸	۵۳	۸
۳۲	۲۹	۵۰	۵
۵۱	۴۹	۱۳	۳

ی	۰	ق	و
۲۸	۵۳	۸	۲۷
۲۹	۵۰	۵	۳۲
۴۹	۱۳	۳	۵۱

۵۱	۳	۱۳	۴۹
۳۲	۵	۵۰	۲۹
۲۷	۸	۵۳	۲۸
و	ق	۰	ی

۳	۱۳	۴۹	۵۱
۵	۵۰	۲۹	۳۲
۸	۵۳	۲۸	۲۷
ق	۰	ی	و

۵۱	۴۹	۱۳	۳
۳۲	۲۹	۵۰	۵
۲۷	۲۸	۵۳	۸
و	ی	۰	ق

۴۹	۱۳	۳	۵۱
۲۹	۵۰	۵	۳۲
۲۸	۵۳	۸	۲۷
ی	۰	ق	و

free copy
khalidrathore.com
03008442060

۲۵	۳۰	ی	۵۱
۲۹	۳۲	۰	۵۵
۵	۸	ق	۳
۵۷	۴۶	و	۷

۵۷	۴۶	و	۷
۲۵	۳۰	ی	۵۱
۲۹	۳۲	۰	۵۵
۵	۸	ق	۳

۳۰	ی	۵۱	۲۵
۳۲	۰	۵۵	۲۹
۸	ق	۳	۵
۴۶	و	۷	۵

۴۶	و	۷	۵۷
۳۰	ی	۵۱	۲۵
۳۲	۰	۵۵	۲۹
۸	ق	۳	۵

۵	۸	ق	۳
۲۹	۳۲	۰	۵۵
۲۵	۳۰	ی	۵۱
۵۷	۴۶	و	۷

۵۷	۴۶	و	۷
۵	۸	ق	۳
۲۹	۳۲	۰	۵۵
۲۵	۳۰	ی	۵۱

۸	ق	۳	۵
۳۲	۰	۵۵	۲۹
۳۰	ی	۵۱	۲۵
۴۶	و	۷	۵۷

۴۶	و	۷	۵۷
۸	ق	۳	۵
۳۲	۰	۵۵	۲۹
۳۰	ی	۵۱	۲۵

اگر اس نقش کے قلب کے چار خانوں میں سے لکھنا مقصود ہو تو آٹھ نقش وضع ہو جاتے ہیں۔

۵	۲	۵۲	۵۷
۹	ق	۰	۷
۴۹	و	ی	۵۱
۵۳	۸	۵۴	۱

۵۳	۹	۴۹	۵
۵۴	۰	ی	۵۲
۸	ق	و	۲
۱	۷	۵۱	۵۷

۱	۵۴	۸	۵۳
۵۱	ی	و	۴۹
۷	۰	ق	۹
۵۷	۵۲	۲	۵

۵۷	۵۱	۷	۱
۲	۹	ق	۸
۵۲	ی	۰	۵۴
۵	۴۹	۹	۵۳

۸	۱	۵۳	۵۴
۷	ق	۰	۹
۴۹	ی	و	۰۱
۵۲	۵	۵۷	۲

۵۴	۹	۵۱	۲
۵۳	۰	و	۵۷
۱	ق	ی	۵
۸	۷	۴۹	۵۲

۲	۵۷	۵	۵۲
۵۱	و	ی	۴۹
۹	۰	ق	۷
۵۴	۵۳	۱	۸

۵۲	۴۹	۷	۸
۵	ی	ق	۱
۵۷	و	۰	۵۳
۲	۵۱	۹	۵۴

اگر نقش کو وتری لحاظ سے وضع کیا جائے تو اس طرح آٹھ صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس طرح کے آٹھوں نقوش کسی لحاظ سے متوازن وضع نہیں ہو سکتے۔

		۱	۰
۵	۸	ق	۳
	و	۱۱	
ی		۴	

	۵		ی
	۳	و	
۱۱	ق	۱	۴
۰	۸		

ی		۵	
	و	۳	
۴	۱۱	ق	۱
		۸	۰

۰	۳		
۱۱	ق	۱	۴
	۸	و	
	۵		ی

۱			۰
۴		ی	
۱۱	و		
ق	۸	۵	۳

۳	۵	۸	ق
		و	۱۱
	ی		۴
۰			۱

ق	۱۱	۴	۱
۸	و		
۵		ی	
۳			۰

۰			۳
	ی		۵
		و	۸
۱	۴	۱۱	ق

free copy
khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions
03008442060

اگر درج بالا نقوش کو مدور نقش مربع کی شکل لکھنا چاہیں تو درج ذیل چال کے مطابق لکھا جاسکتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ نقش مربع کے ۱۶ خانے ہوتے ہیں اور یہ نقش افقی، عمودی اور وتری سے لکھا اور وضع کیا جاتا ہے اور وضع کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح نقش مربع کی ۴۸ چالیں ہو جاتی ہیں یا نقش مربع ۴۸ طریقوں سے لکھا جاسکتا ہے۔

اس مضمون میں نقش اسم قوی کی سیدھی چالوں پر بحث کی گئی ہے۔ اسی طرح الٹی چالوں پر بھی بحث ہو سکتی ہے۔ ان سے بھی اتنے نقوش وضع ہو سکتے ہیں۔ گویا ۴۸ اور قسم کے نقوش لکھے جاسکتے ہیں۔ جن میں ۳۲ نقوش درست وضع ہوں گے اور ۱۶ نقوش ناقص وضع ہو سکتے ہیں جن میں کوئی افقی ضلع سے یا عمودی ضلع سے یا وتری ضلعوں کے اعداد کے میزان میں کمی یا بیشی کا نقص ظاہر ہو گا۔ یہ سب کچھ ایک ہی نقش سے وضع کیا گیا ہے۔ اگر نقش کے اعداد تبدیلی کریں گے۔ تو پھر سب کچھ تبدیل ہو جائے گا۔

مندرجہ بالا نقوش کی مختلف اشکال ہیں۔ ہر شکل کی الگ خاصیت اور تاثیر ہے۔ جس کا مختصر حال یہ ہے کہ نقش کا پہلا ضلع افقی سر پر حاکم ہے۔ دوسرا ضلع افقی دھڑ/سینہ پر حاکم ہے۔ تیرا ضلع افقی پیٹ پر حاکم ہے۔ چوتھا ضلع افقی ٹانگوں پاؤں پر حاکم ہے۔ اسی طرح پہلا عمودی ضلع دائیں ہاتھ اور دائیں پاؤں پر حاکم ہے۔ دوسرا ضلع عمودی جسم کے دائیں حصہ پر سر تا قدم یا سر تا مقعد پر حاکم ہے۔ تیسرا ضلع عمودی جسم کے بائیں حصہ سر تا قدم یا سر تا مقعد پر حاکم ہے۔ چوتھا ضلع عمودی بائیں ہاتھ اور بائیں پاؤں پر حاکم ہے۔ ہاتھ سے مراد مکمل بازو اور پاؤں سے مراد مکمل ٹانگ ہے۔ اسی طرح سر میں دماغ، آنکھیں، کان، ناک اور منہ وغیرہ شامل ہے۔ سینہ میں دل، پھیپھڑے، جگر وغیرہ ہیں، پیٹ میں معدہ، گردے، تلی اور آنتیں وغیرہ ہیں۔ اور پیٹ سے نیچے اعضاء تناسل یا اعضاء اخراج فضلات وغیرہ ہیں۔ ہر عضو کی قوت بدنی/جسمانی اور فعلی کے لیے الگ الگ بروج منسوب ہیں۔ پھر بروج شمسی یا قمری کے علاوہ بروج وقتی پر بھی انحصار کیا جاتا ہے۔ اور بعض علماء جفار و نجوم صرف بروج میں داخلہ سیارگان پر خاص انحصار کرتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت سید تنویر عصری صاحب ایک ترا شالائے تھے۔ جس میں مریخ در عقرب اور قمر در اسد پر انحصار کرنے کا حوالہ تھا۔ برج عقرب کا تعلق جنسی اعضاء تولید سے اور اعضاء اخراج فضلات سے ہے۔ اور مریخ کا تعلق جنسی قوت (قوت باہ) سے ہے۔ جبکہ قمر کا برج اسد میں ہونا طاقت میں اضافہ اور اثر پذیری میں زود اثری دکھاتا ہے۔ اسی لیے عامل منجم جفار حضرات جنسی قوت باہ اور جسمانی بدنی قوت اعصابی کے لیے مریخ در عقرب اور قمر در اسد کا انتخاب کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ قمر کسی دیگر برج کا ہو تو سکتا ہے مگر زیادہ افضل برج اسد ہے۔ چنانچہ یہ احقر العباد فقیر فضل محمود نقاش کامران پر واقع چھوٹے سے ہوٹل سے اٹھ کر تتارک ہوٹل کی طرف جناب سید تنویر عصری کی معیت میں جا رہا تھا تو دیکھا کہ حضرت سید تنویر عصری صاحب حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی طرح طویل القامت مگر نحیف الجثہ تھے۔ سخت سردی میں بھی سردی محسوس نہ کر رہے تھے۔ جبکہ میں نے اپنے اوپر موٹی سیاہ شال لپیٹ رکھی تھی۔ اندر سے کوٹ پہن رکھا تھا۔ سر پر چترالی ٹوپی پہن کر بھی سردی محسوس کر رہا تھا۔ حضرت سید تنویر عصری صاحب عمر کے اس حصہ میں ہیں کہ جسمانی/بدنی قوت یا قوت اعصابی میں بالکل کمزور ہیں۔

اس مرتبہ مریخ در عقرب ۲۶ جولائی ۲۰۱۴ء بروز ہفتہ بوقت ۷ بجکر ۲۶ منٹ پر داخل ہو گا۔

اس وقت پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق شمالی پاکستان میں برج سنبلہ طلوع ہو رہا ہو گا۔ جنوبی پنجاب میں برج اسد کے آخری درجات ہوں گے۔ مشرقی سرحد کی نسبت مغربی سرحد پر کافی فرق ہو گا۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

یہ تفاوت مختلف علاقوں میں مختلف ہوگا۔ طالع سنبلہ سے مریخ اور زحل خانہ سوم میں پڑتے ہیں۔ جبکہ برج اسد میں مشتری، شمس اور قمر قران کی حالت میں یا اجتماع کی شکل میں ہوں گے۔ یا پھر اسے آپ مشتری اور قمر کو تحت الشعاع سمجھیں۔ جس میں قمر اور مشتری کی قوت کو ختم سمجھیں۔ کیونکہ اس حالت میں مشتری حالت احتراق میں اور قمر محاق میں ہے۔ چنانچہ دونوں تاثیر میں بے اثر ہیں۔ البتہ زہرہ اور عطارد زحل سے نظر تثلیث پر ہیں۔ عطارد مشکلات کے حل میں مدد دے گا۔ اور زہرہ مرد کی جنس مخالف عورت کی جنسی قوت کے دفاع میں زود اثری پیدا کرے گا۔ یا عورت کی جنس مخالف مرد کے لیے قوت دفاع میں اضافہ کرے گا۔ جبکہ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ زہرہ اور عطارد اپنے دشمن قمر کے گھر میں ہیں اور ضعیف بھی ہیں۔ جس طرح برج عقرب میں مریخ کا دشمن زحل پہلے سے موجود ہے۔ اور زحل خانہ دشمن میں آ کر خود بھی ضعیف ہے یا پھر زحل اور مریخ کی قوت شہوانی پر اثر انداز ہوگا یا برج عقرب سے منسوب اعضاء جنس پر اثر انداز ہوکر ان کے افعال میں خلل ڈالے گا۔ خلل سے مراد فعل شہوانی / فعل حیوانی میں حد سے زیادہ زیادتی کر کے ذکاوت حس بڑھا کر سرعت انزال کا مرض پیدا کر دے یا امساک میں اضافہ کر کے قوی الشہوت ہوجائے۔ ان دونوں اسباب وعلل میں مشتری اوج شمس کی قوت کو شامل کیا جا رہا ہے۔ چونکہ قمر خانہ تربیع از مریخ ہونے سے طاقت میں حد سے زیادہ ہونے اور ہیجانی کیفیت اور شہوانی کیفیت میں اضافہ ہوکر عمل یا دوا کے استعمال میں زود اثری دکھاتا ہے۔ مریخ سے شمس کی تربیع فعل حیوانی، قوت حیوانی، قوت بدنی وجسمانی کے ساتھ ساتھ قوت باہ وقوت جماع شدت پیدا کرے اور عضو تناسل (مردانہ یا زنانہ) میں بھرپور انتشار و ابھار پیدا کر کے جنس مخالف سے رجوع کرنے پر مجبور کر دے۔ اس نظر میں شنگرف، سم الفار، بھلوے وغیرہ سے بنائے گئے کشتہ جات اور طلاء وغیرہ نہایت زود اثر ہونگے۔ یا طلاء وغیرہ جو کسی روغن (بڑتل، دیودار اور چیل وغیرہ) سے ملا کر بنائے گئے ہوں گے۔ وہ دوچند بانی پر موثر ہوں گے۔ مشتری کی تربیع والی قوت شدت اور مضبوطی پیدا کرے گی۔ چونکہ قمر سریع الیسر ہے اس لیے یہ جلد ہلال بن کر زاید النور ہوتا چلا جائے گا۔ اس طرح تحت الشعاع / محاق یا غروب ہونے سے نکل جائے گا۔ اسی طرح مشتری اور شمس کے درمیان فاصلہ بڑھتا چلا جائے گا۔ روز افزوں مشتری اور شمس کے درمیان تفاوت پیدا ہوکر حد اتصال اور حالت قران یا حالت تحت الشعاع زائل ہوتی چلی جائے گی۔ حتی کہ اگست 2014ء کے آخر میں اور 13 ستمبر 2014ء سے قبل تک مریخ اور مشتری کی نظر نحوست سے پاک ہوجائے گی۔ اور قمر بھی ایک بار پھر برج اسد میں داخل ہوجائے گا' انشاء اللہ تعالیٰ۔

اور یہ بات بھی تو یقینی ہے کہ ہر سال سیارگان کی پوزیشن میں اختلاف ہوتا ہے یا ہر دفعہ مریخ در عقرب ہونے پر باقی سیارگان کی ترتیب ہر دفعہ مختلف ہوتی ہے۔ اور ہوتی رہے گی۔ یہی حال اس مرتبہ بھی ہوگا۔ عقد متین قمر میں سے ذنب برج حمل میں ہوگا۔ اگر اسے مثل مریخ گنا جائے تو ذنب در حمل اچھی بات ہوگی۔ کیونکہ ذنب حمل کا اچھا سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ حمل کا راس اچھا نہیں گنا جاتا۔ راس میزانی کو اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ گویا ذنب اور مریخ ایک چیز کے دو نام شمار کیے جاتے ہیں۔ خانہ ہفتم جو بالخصوص اعضاء تولید / عمل تولید اور زوجہ یا زوج سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ کسی صورت میں نحس، بد اور ناقص نہیں ہونا چاہیئے ورنہ قوت باہ اور قوت شہوت متاثر ہوگی۔ اور اعضاء تولید (مذکر یا مونث) بھی متاثر ہوں گے۔ نقش اسم قوی جسمانی قوت کے لیے مفید ہے۔ جس کے لکھنے کے لیے اور حصول جسمانی قوت کے لیے مریخ کے علاوہ شمس اہم ہے۔ جو جسمانی نشوونما پر اثر انداز ہے۔ پھر مشتری کو اہمیت دی جاتی ہے۔ کیونکہ شمس، مریخ اور مشتری تینوں آتشی کواکب ہیں۔ اور یہ تینوں منقلب بروج میں شرف پاتے ہیں۔ حمل کا شمس، جدی کا مریخ اور سرطان مشتری جب ہوتے ہیں۔ تب وہ بہت اہم ہوتے ہیں۔ اس زائچہ میں سرطان کا مشتری موجود نہ ہے۔ البتہ شمس کے برج میں ضرور داخل ہے۔ جس سے شمس میں روحانی تاثیر یا کرشماتی پیدا ہوجائے گی۔ برج اسد سے ایسی تاثیر کے ظہور کرانے کا یہ بہترین وقت ہے۔ اگر عامل منجم جفار ہے تو اس کی قلم کرشماتی کام کر سکتی ہے۔ عامل کو اپنے عمل پر گرفت ہونا چاہیے۔ منجم سائل کے وقت آمد اور وقت سوال کے مطابق اس کے زائچہ پیدائش یا زائچہ عمری کو مدنظر رکھ کر درست فیصلہ کر سکتا ہو اور بحیثیت جفار وہ جفری عملیات پر اور جفری موشگافیوں پر مکمل عبور رکھتا ہو۔ عمل کا درست ہونا اور درست کرنا ہمارے فرائض میں شامل ہے اور تاثیر کی التجاء اللہ تعالیٰ سے کرنا چاہیے۔ بے شک اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے۔ اور وہ اپنی مخلوق کی تکالیف دور کرنے میں اسباب پیدا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسباب کو بھی تقدیر میں لکھا ہے۔ انسان (مخلوق) کا عملیات کا سہارا لینا بھی تقدیر میں لکھا ہے۔ اور مخلوق خدا کا اپنے رب کو دعاؤں سے پکارنا پھر ان کی تکالیف کا دور کرنا یا دور ہوجانا بھی تقدیر میں لکھا ہے۔ اور صدقات سے آفات کا دفع ہونا یا رفع ہونا بھی تقدیر میں لکھا ہے۔ اس لیے اچھی اور بری تقدیر پر ایمان رکھنا بھی ضروری ہے۔ تقدیر تو ویسے بھی غالب ہے۔ مگر تدبیر کرنا ہم پر فرض ہے اور لازمی ہے۔ تدبیر میں کچھ حضرات اور خواتین تعویذات اور عملیات کا سہارا لیتے ہیں۔ وہ غلط نہیں کرتے دراصل وہ مسبب الاسباب

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions
03008442060

سے سبب کی تدبیر کرتے ہیں۔اور جو لوگ ایسی چیزوں کا سہارا نہیں لیتے اور ایسے کاموں کو کفر اور شرک سے تعبیر کرتے ہیں وہ بھی درست کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ متوکل لوگ ہوتے اور قادر مطلق پر دھیان رکھتے ہیں۔ اس لیے وہ لوگ ہم جیسے لوگوں سے زیادہ اچھے ہیں۔لیکن کچھ ایسے حضرات ذرا یہ بات بھول جاتے ہیں کہ روٹی کھانے کے لیے کھیت سنوارنا ہمارا کام ہے۔ بیج بونا اور پانی دینا ہمارا کام ہے۔ جبکہ بیج اگانا اور فصل تیار کرنا رب تعالیٰ کا کام ہے۔ پھر بعد میں یہ لکھا ہے کہ اس کھیت کی کمائی اور روزی یا روٹی اس کے نصیب میں ہے یا نہیں ہے۔ چنانچہ جو حضرات اور خواتین عملیات و تعویذات پر پختہ یقین رکھتے ہیں اور اس مضمون سے مثالی اسم باسط کا نقش بنانا جان گئے ہوں گے۔ وہ اسماء الحسنٰی میں سے الخالق' الباری' القابض' الرافع' الخافض' الواسع' الباعث' الواجد' الماجد' الواحد' القادر' الظاہر' الباطن' الوالی' الجامع' المانع' النافع' الھادی' (مت + ک + ب + ر) یا (م + ت + کب + ر) یا (م + ت + ک + بر) یا (مت + کب + ر) اور اسم المتعال یا المتعالی کو (م + ت + عا + ل) کے اندار میں یا اسم متعالی کو (م + ت + عا + لی) کے انداز میں لکھ کر نقش وضع کر سکتے ہیں۔ اسی طرح نقش اسم القوی کے وزن پر الملک' المعز' المذل' العلی' العدل' الحکم' الحاذ' الصمد' الاول' الاخر' العفو' الغنی' العفو' الضار اور النور کا نقش وضع کر سکتے ہیں۔ اسی طرح دو حروف پر مشتمل اسماء الحسنٰی میں سے اسم الحق' الحی' البر' اور الرب کے نقوش تیار کرنے میں ذرا مہارت اور مشق کی ضرورت ہے۔ اگر مشاق ہو جائیں تو ایک حرف کا نقش بھی تیار کر لیں گے۔ یوں تو سب اسماء الحسنٰی سے نقوش وضع کر لیں گے مگر پانچ حروف والوں میں مہارت یہ دکھانا پڑے گی کہ انہیں تین یا چار خانوں میں محدود کر لیں۔ مثال کے طور پر اسم المھیمن کو (م + ھی + من) یا (م + ت + ک + بر) یا (مت + کب + ر) لکھ کر نقش وضع کر سکتے ہیں۔ اسم المقتدر کو (مق + ت + د + ر) یا (م + ق + ت + در) کے انداز میں لکھ کر نقش وضع کر سکتے ہیں۔ اور اسے (مق + ت + در) لکھ کر بھی نقش وضع کر سکتے ہیں۔ حتیٰ کہ آپ اسے (مق + تدر) لکھ کر بھی نقش وضع کر سکتے ہیں۔ یہی حال اسماء مبارکہ المھیمن' المتکبر اور المنتقم کے ساتھ کر سکتے ہیں۔ اسم المنتقم کو آپ (من + ت + ق + م) یا (من + تق + م) یا پھر (من + تقم) کر نقش وضع کر سکتے ہیں۔ کچھ اسماء الحسنٰی ایسے ہیں جن پر مشق نہ ہو تو عامل جفار ذرا بھول سکتا ہے۔ مثلاً اسم اللہ' العزیز' الودود' الجلیل اور الممیت وغیرہ کیونکہ ان میں دو حروف ہم شکل اور عددی لحاظ سے ہم وزن ہیں۔ یعنی مکرر حروف ہیں۔ اس میں مشکل یہی ہے کہ ہر خانہ میں کوئی ہندسہ تکرار نہ کرے۔ تکرار کی شکل میں نقش میں نقص تصور ہوگا۔ مگر جب آپ ایک نقش چند ایسے الفاظوں یا اسماء الحسنٰی کے اعداد کے ساتھ مرتب کر رہے ہوں تو یہاں تکرار عدد درست اور جائز ہے۔ جیسے عدد 20 = ودود' ھادی اور عدد 14 = اسم واجد اور اسم وہاب کے ہیں۔ اور عدد 156 = اسم عفو اور اسم قیوم کا ہے' اور عدد 170 = اسم قدوس اور اسم نعیم کے اعداد قمری کے بھی مساوی ہیں۔ ایسے اسماء الحسنٰی ایک ہی نقش میں آ سکتے ہیں۔ چنانچہ جب ضلع اول افقی یعنی سطر اول میں تکرار حروف آ جائے گی تو باقی خانوں میں تکرار اعداد پھر کوئی عیب یا نقص نہ ہوگا۔ اسماء الحسنیٰ میں الرحیم' الکریم میں' الجبار' القہار' الغفار' الستار میں اور الضار میں مماثلت ہے۔ جیسے البصیر' الخبیر' الکبیر اور الجلیل' الوکیل میں نظر آ رہی ہے۔ یا پھر الواجد اور الماجد میں نظر آ رہی ہے۔ الرافع اور الواسع میں ایک خاص مماثلت ہے۔ جس طرح القابض اور الخافض میں ہے۔ العلیم' الحکیم' الحلیم' العظیم' اللطیف' الرقیب' المجیب' الحسیب' المقیت' الممیت' الغفور' الشکور' الصبور' النور' الحفیظ' الشہید' المجید' المعید اور الماجد' الواجد یا الواحد اور الاحد میں ایک خاص لفظی یا حروفی فرق ہے۔ باقی طرح بھی ہم وزن نظر آتے ہیں۔ آپ کے ان اسماء مبارکہ کی مشق کرنے سے اسماء الحسنٰی کے نقوش کی مشق نقوشی یا مشق نقاشی آسان ہو جائے گی۔ چنانچہ آپ اسماء الحسنٰی آیات قرآنیہ یا چند حروف عربیہ جفریہ سے اس قسم کے نقوش تیار/ وضع کرنے کے ماہر ہو جائیں گے۔ اور ایک ہی نقش کی سطر اول سے کئی نقوش وضع کرنے کی مہارت حاصل کر لیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ان اسماء الحسنٰی میں چند ایسے اسماء مبارکہ ہیں جو اس سال 2014ء کے شرف مشتری (مشتری در سرطان) میں وسعت رزق' فراخی رزق' ترقی اور جاہ مرتبہ کے حصول کے لیے مبارک یا بمطابق علم نجوم موزوں ہے۔ اور وبال مریخ (مریخ در میزان) میں یا مریخ در عقرب میں جب قمر تحسین کے درمیان ہوگا تو نہایت بد اور نا مبارک وقت بمطابق علم نجوم ہوگا کہ تباہی و بربادی دشمن یا ہلاکتِ دشمن کے موضوع پر وضعگی نقوش کا وقت نہایت موزوں ہوگا۔ اتفاق سے یہ وقت 3'4'5 اگست 2014 کو آ رہا ہے۔ یہ وہ تاریخیں ہیں جن میں امریکہ نے جاپانی شہر (ہیروشیما) پر ایٹم بم گرا کر دنیا میں بڑے پیمانے پر اور ایٹمی جنگ کے لحاظ سے پہلی بڑی تباہی و بربادی پھیلائی تھی۔ اب بھی اتفاق سے بلحاظ علم نجوم ایسا منحوس وقت آ رہا ہے۔ آپ اسماء الحسنٰی' آیات قرانیہ یا سورت قرآنیہ کے چار یا تین حصے کر کے ایسے نقوش اپنے مطلب اور مقصد کے وضع کر سکتے ہیں۔ طریقہ کار یہ ہے کہ سب سے پہلے نقش مربع کی سطر اول/ ضلع اول میں اسم ہو تو حروف کو خانوں میں حسب منشاء یا بمطابق خانہ جات موافق حروف بسیط کر دیں۔ یا بمطابق حروف موافق خانہ جات بسیط کر دیں/ پھیلا دیں۔ پھر چاروں خانوں

free copy
khalidrathore.com
03008442060

میں موجود حروف یا اسماء مبارکہ یا آیت قرانیہ یا سورت قرآنیہ کا میزان کرلیں۔ ہر خانہ میں ایک ایک حرف بھی ہوسکتا ہے۔ ایک ایک اسم مبارکہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایک آیت قرآنیہ کے دوتین یا چار حصے بھی ہوسکتے ہیں۔ یا دو' تین اور چار سورتوں کا مجموعہ بھی ہوسکتا ہے۔ پہلی سطر یا ضلع اول کے خانہ اول اور خانہ چہارم کے خانہ کے اعداد کو میزان کر کے سطر چہارم کے دو درمیانی خانوں یعنی خانہ نمبر 14'15 میں دو برابر حصے کر کے یا تھوڑا بہت کم و بیش کر کے ان خانوں میں اعداد رکھ دیں۔ ان دونوں اعداد کا مجموعہ/ میزان خانہ نمبر 1 اور خانہ نمبر 4 کے اعداد کے میزان کے برابر ہونا چاہیے۔ خواہ میزان طاقت میں ہو یا جفت میں ہو۔ لیکن خانہ نمبر 14'15 میں اعداد طاقت ہونے کی صورت میں ایک لیں طاقت اور دوسرے میں جفت عدد رکھ دیں۔ اس میں آپ کو اختیار حاصل ہے کہ آپ خانہ نمبر 14 میں طاق رکھیں گے تو خانہ نمبر 15 میں عدد جفت رکھیں گے۔ اور اگر خانہ نمبر 14 میں جفت رکھیں گے خانہ نمبر 15 میں طاق رکھیں گے۔ اور اگر اعداد میزانی خانہ اول و چہارم جفت ہوں تو پھر بھی آپ کو اختیار ہے کہ خانہ نمبر 14'15 میں دو اعداد جفت بنا کر رکھیں یا طاق بنا کر رکھیں یا ایک جفت اور ایک طاق بنا کر رکھیں۔ جب ایسا کرلیں تو چوتھی سطر/ چوتھے ضلع کا خانہ اول یعنی خانہ نمبر 13 بچے گا اور اسی ضلع کا خانہ آخر یعنی خانہ نمبر 16 بچے گا اس میں بھی آپ کو اختیار حاصل ہے ان دونوں خانوں میں اعداد طاق رکھنے ہیں یا جفت رکھنے ہیں یا مساوی مساوی رکھنے ہیں۔ ان دونوں خانوں میں اعداد سطر اول کے دو درمیانی خانوں خانہ نمبر 2' خانہ نمبر 3 کے اعدادی میزان کے برابر رکھے جائیں گے۔ اس طرح آپ نقش کے آٹھ خانے پُر کر چکے ہوں گے۔ باقی دو درمیانی ضلعوں کے لیے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ خانہ اول اور خانہ آخر یعنی پہلے ضلع/ سطر کا پہلا خانہ یعنی خانہ نمبر 1 اور آخری/ چوتھے ضلع کا آخری یعنی خانہ نمبر 4 کے اعداد کو میزان کر کے سطر اول کے چاروں خانوں کے میزان سے تفریق کر کے باقی ماندہ اعداد کو کسی دو اعداد میں حسب منشاء تقسیم کر کے خانہ نمبر 6 اور خانہ نمبر 11 میں رکھ کر میزان کریں۔ جو سطر اول کے میزان کے مساوی ہو۔ پھر اسی کے مطابق خانہ نمبر 13 اور خانہ نمبر 4 کا میزان کر کے باقی عدد سطر اول کے میزان سے نکالیں اور ان کو دو برابر یا ایسے اعداد میں تقسیم کر کے خانہ نمبر 7 اور خانہ نمبر 9 میں رکھیں۔ اس طرح نقش وتری اعتبار سے پُر ہو جائے گا۔ اس طریقہ کار سے نقش کے اندرونی چار خانے بھی پُر ہو جائیں گے۔ اور نقش تین چوتھائی مکمل ہو جائے گا۔ آپ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ یہ وتری عمل خانہ نمبر 1 اور خانہ نمبر 16 سے شروع کریں یا خانہ نمبر 4 اور خانہ نمبر 13 سے شروع کریں۔ بہتر طریقہ یہی ہے کہ آپ خانہ نمبر 1 سے شروع کریں۔ خواہ وہ خانہ خالی ہو یا کسی عدد سے پُر ہو۔ کیونکہ نقش کی چال یہاں سے شروع ہوتی ہے۔ اگر درمیان سے کسی خانہ سے پُر کر رہے ہوں تو جہاں سے مناسب سمجھیں نقش پُر کریں۔ اب خانہ نمبر 1 سطر اول کا اور خانہ نمبر 13 سطر چہارم کا خانہ اول سے ان کے درمیان دو خانے سطر دوم کا خانہ اول یعنی خانہ نمبر 5 اور سطر سوم کا خانہ اول یعنی خانہ نمبر 9 خالی ہوں گے اور سطر اول کا خانہ نمبر 4 اور سطر چہارم کا خانہ نمبر 4 یعنی خانہ نمبر 4 اور خانہ نمبر 16 کا میزان کر کے ان کے درمیان دو خالی خانے یعنی سطر دوم کا خانہ نمبر 4 اور سطر سوم کا خانہ نمبر 4 یعنی خانہ نمبر 8 اور خانہ نمبر 12 پُر کرنا ہے۔ خانہ نمبر 4 اور خانہ 16 کا میزان سطر اول کے چاروں خانوں کے میزان سے تفریق کر کے باقی عدد کو دو برابر اعداد میں اس طرح تقسیم کریں سطر دوم کے تین خانوں کے میزان میں وہ ملائیں تو سطر اول کے موافق ہو جائے۔ اس طرح سطر سوم کا عمل ہے۔ ویسے بھی سطر دوم کے تین خانوں کا میزان سطر اول کے چاروں خانوں کے میزان سے تفریق کریں تو چوتھا عدد از خود معلوم ہو جاتا ہے۔ یہی قاعدہ وتری ضلعوں کو پُر کرنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ آخری مرحلہ خانہ نمبر 1 اور خانہ نمبر 13 سے نقش کو پُر کرنا اور بعد میں خانہ نمبر 4 اور خانہ نمبر 16 سے نقش کو پُر کرنا ہے۔ یا خانہ نمبر 4 اور خانہ نمبر 16 سے ان کے درمیان دو خانوں کو پُر کر کے بعد خانہ نمبر 1 اور خانہ نمبر 13 کے درمیان دو خانوں خانہ نمبر 5 اور خانہ نمبر 9 کو پُر کرنا ہے۔
اس طرح آپ نقش کے سولہ خانے پُر کرلیں گے۔ پھر پڑتال کر کے دیکھ لیں۔ افقی' عمودی اور وتری لحاظ سے نقش متوازن ہے تو نقش درست ہے۔ کیونکہ بعض دفعہ سطر/ ضلع اول میں حروف کی ترتیب کچھ ایسی آجاتی ہے کہ ایک حصہ میں کم مرتبہ کے اعداد ہوتے ہیں اور دوسرے حصہ میں زیادہ مرتبہ کے اعداد ہوتے ہیں۔ جب نقش تیار ہو کر پڑتال کی جاتی ہے تو کسی ایک ضلع کے اعداد زیادہ ہو جاتے ہیں تو کسی دوسرے ضلع کے اعداد کم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح کبھی ایک وتر زیادہ اور کبھی دوسرا وتر کم اعداد کا ہو جاتا ہے۔ ایسا کام اس وقت ہوتا ہے۔ جب ہم اسی قاعدہ سے کام لیتے ہیں۔ چنانچہ جہاں زیادتی ہو وہاں کے اعداد اٹھا کر کمی والے خانہ کی طرف ڈال دیئے جاتے ہیں۔ بسا اوقات یہ بات آخری دو خانوں تک رہ جاتی ہے۔ پہلے تو نقش از خود درست ہوگا۔ دیگر صورت جہاں کمی یا بیشی نظر آئے۔ وہاں سے نقش درست کرلیں۔ بس نقش (تک بندی) تیار ہے۔ حالانہ نقش کو اس انداز میں پُر کرنے کا نام طریقہ ذوالکتابت مربع بلحاظ رفتار ترقیم ہے۔ یعنی رفتار ترقیم مربع ذوالکتابت ہے۔ ترقیم سے مراد رقم رکھنا ہے۔ اور ذوالکتابت سے مراد حروف اور اعداد کا مجموعہ عبارت یا صرف حروف کی شکل میں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
0300842060

